لاہور پاکستان
یوفہ
انٹرنیشنل

جناب غلام اکبر لاسی وفاقی وزیر افرادی قوت سمندر پار پاکستانیز

جناب امجد محمود عباسی قائم مقام قونصلیٹ جنرل دبئی

جناب منصور جاوید صدر ابوظہبی کرکٹ کونسل

شارجہ کی ہردلعزیز پاکستانی شخصیت محمد عارف خان


جناب محمد صدیق صدر شیخ زاید کلچرل سنٹر ابوظہبی

جناب ایم سعید میاں صدر پاکستان ویلفیئر سوسائٹی شارجہ

مرکز پاکستان کے نئے عہدیداران سفیر پاکستان و کمیونٹی ویلفیئر اتاشی کے ہمراہ

محمد عبدالسلیم اپنے صاحبزادے کی سالگرہ کی تقریب میں بیگم کے ہمراہ

حبیب بنک دبئی کے چیف ایگزیکٹو جناب عارف لاکھانی

دبئی میں پاکستانی فیملی کی شادی کی تصویری جھلک

محبان وطن تنظیم کے قائد محمد ابراہیم حاجی اور مسٹر آفریدی

نئی نسل کا اُردو، انگریزی زبان میں بیک وقت شائع ہونے والا بین الاقوامی نیوز میگزین

گورنمنٹ آف پاکستان وزارت اطلاعات ونشریات کی سنٹرل میڈیا لسٹ میں شامل
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ماھنامہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین

لاہور پاکستان

جلد نمبر :- ٦
شمارہ :- ٧-٨
جولائی، اگست ۱۹۹۴ء

ایڈیٹر انچیف
صدیق القادری

اس شمارے میں

ماحولیات کمیٹی کے چیئرمین رکن قومی اسمبلی جناب آصف زرداری کا خصوصی پیغام 9
محمد خالد جاوید گھر کی وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے کا پیغام 10
ماہ کی اہم بین الاقوامی شخصیت جناب غلام اکبر لاسی وفاقی وزیر مملکت 11
محنت افرادی قوت اور سمندر پار پاکستانیز کا خصوصی انٹرویو
یو اے ای میں مقیم مشہور و معروف پاکستانیوں سے ملاقاتیں 14
ابو ظہبی پاکستان سنٹر کے نو منتخب صدر الحاج محمد صدیق سے انٹرویو 19
ابو ظہبی کرکٹ کونسل کے صدر جناب منصور جاوید سے بات چیت 21
معروف محب وطن پاکستانی محمد عبدالسلیم سے سرمایہ کاری کے حوالے سے انٹرویو 24
ڈاکٹر انیس سلطان صدر پاکستان سوشل کلچر سینٹر العین کی حوصلہ افزا باتیں 32
قائمقام قونصلیٹ جنرل دوبئی امجد مجید عباسی سے خصوصی انٹرویو 34
صاف گو پاکستانی نوجوان شخصیت سلیم کاشمیری کی کھری کھری باتیں 39
پاکستان کمیونٹی بنام خواجہ تنویر 41
ابو ظہبی کی معروف ادبی شخصیت سید صغیر جعفری 47
العین کے ہر دلعزیز پاکستانی حاجی محمد ابراہیم کی پاکستانیوں کے مسائل پر توجہ طلب گفتگو 50
شارجہ کے ممتاز محب وطن پاکستانی محمد عارف خاں سے انٹرویو 62
پاکستان ویلفیئر کونسل شارجہ کے صدر ایم سعید میاں کیساتھ دلچسپ امور پر بات چیت 65

قیمت ۵۵ روپے

فون
۳۵۴۲۲۹

● ایسوسی ایٹ ایڈیٹرز
محمد جمیل قریشی، پروفیسر محمد وسیم بھٹی،
پروفیسر محمد اجمل چشتی، غلام مرتضےٰ قادری
مس روبینہ، توصیف القادری

● ڈیزائننگ
مقصود آرٹسٹ، ارشد آرٹسٹ

ایڈورٹائزمنٹ منیجر تنویر صدیق

اسسٹنٹ ایڈورٹائزمنٹ منیجر حافظ عزیز الرحمٰن
سرکولیشن جمال دین، کمرشل ایگزیکٹیو منیجر تحسین قادری
فوٹو گرافرز، محمد یامین صدیقی، تبسم نوید

متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، بحرین، قطر، اومان، کویت
مصر، جاپان، کوریا، بنگلادیش، برونائی، چین، ہانگ کانگ
انڈونیشیا، ملائیشیا، تھائی لینڈ، فرانس، نیپال، فلپائن، سنگاپور
سری لنکا، تائیوان، امریکہ، برطانیہ، جرمنی، انڈیا، آسٹریلیا
ہالینڈ، کینیڈا، مالدیپ

ہیڈ آفس برائے رابطہ: یوتھ انٹرنیشنل میگزین،
٦- فلور ایوان اوقاف بلڈنگ نزد پرانا اسٹیٹ بنک لاہور پاکستان

خط و کتابت کا پتہ یوتھ انٹرنیشنل میگزین پوسٹ بکس نمبر ۲۳۴۶ لاہور پاکستان

EMIRATES PLAZA HOTEL

Experience A Pleasant Atmosphere Of Comfort And Personalized Service At Your Disposal

ROOM SERVICE - 24 HOURS
IN HOUR MOVIES
LAUNDRY SERVICE

SAFE BOX SERVICE - 24 HOUR
INTERNATIONAL TEL. SERVIC
24 HOURS



MOHAMMED A. SALEEM
Managing Director

For Further Information Call 02-722000 Abu Dhabi
P.o. Box 5295 Fax. 02-723204 Telex : 23459 Plaza Em

اورسیز پاکستانیوں کے مسائل اور ان کا حل

دس لاکھ سے زائد پاکستانی مشرق وسطیٰ کے عرب ممالک میں بسلسلہ ملازمت و کاروبار مقیم ہیں یہ پاکستانی سخت محنت، لگن، ہمت کیساتھ ملک کو قیمتی زرمبادلہ کی فراہمی کا باعث بن رہے ہیں گویا قومی ترقی میں بیرون ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کے مثال کردار کو نظر انداز کرنا ہرگز دانشمندی نہیں یہ اورسیز پاکستانی ہی بیرونی دنیا میں پاکستان کی اصل شناخت اور پہچان ہیں

لیکن ہمارے سفارت خانوں اور قونصلیٹ خانوں کا اپنے ہم وطنوں کیساتھ رویہ قابل ستائش نہیں چاہیئے تو یہ ہے کہ حکومتی سطح پر بیرون ممالک میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل و مشکلات کے حل کو اولیت دی جائے ان اپنے ہم وطن بھائیوں کے سکھ اور دکھ کو محسوس کیا جائے ہر ممکن مختلف ذرائع سے ان کے مسائل کے حل میں مدد دی جائے جن کے سبب پاکستانی کیمونٹی اپنے سفارت کاروں کے توہین آمیز رویہ سے مایوس ہے افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے سفارت کار اپنے وطن کے پاسبانوں کیساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہے ہیں جس کے سبب پاکستانیوں میں علاقائی تعصب، نسلی امتیاز، فرقہ ورانہ، سیاسی چپقلش کے جذبات فروغ پا رہے ہیں

راقم الحروف کی معلومات مشاہدات کے مطابق ویلفیر اتاشیوں کا اپنے ہم وطنوں کیساتھ موثر رابطہ نہیں، وہ اپنے فرائض اور ذمہ داریوں سے مجرمانہ غفلت کے مرتکب ہو رہے ہیں ان کی ڈیوٹی صرف پاکستانی وی آئی پی شخصیات کی خوشامد کرنا اور شاپنگ کروانا رہ گئیں ہیں اور بڑی بڑی شخصیات کے لئے قیمتی تحفے بھجوانا اپنے معمولی تنخواہ سے بہت ہی مشکل ہے لہذا یہ مجبور ہو کر اپنے ہم وطن پاکستانیوں کی جیب کاٹتے ہیں پھر وی آئی پی شخصیات کا نام استعمال کر کے اپنے ہم وطنوں کو صرف مرغوب کرتے ہیں بلکہ انہیں خطرناک نتائج کی دھمکیاں تک دیتے رہتے ہیں

ایسی افسوس ناک داستانیں یو اے ای دوبئی میں مقیم پریشان حال پاکستانیوں نے سنائیں ہمارے لیبر و ویلفیر اتاشی اپنے ہم وطنوں کیساتھ کتنا تزلیلانہ رویہ اختیار کرتے ہیں جبکہ یہ اپنے ہم وطنوں کے مسائل کیلئے ہی بھیجے جاتے ہیں ایسی سنگین صورت حال میں صدر پاکستان، وزیراعظم پاکستان، وزیر خارجہ اور وزیر محنت و افرادی قوت کی خدمت میں گزارش ہے کہ قومی مفادات کے منافی صورت حال کا فی الفور نوٹس لیں، ہمارے سفارت کاروں خصوصاً کیمونٹی و ویلفیر اتاشیوں کو پابند کیا جائے کہ وہ وطن پرست کی حیثیت سے اپنے فرائض تندہی اور جانفشانی سے ادا کریں پاکستانیوں میں باہمی تعاون، اتحاد و اتفاق، قومی یکجہتی کے جذبات کو پروان چڑھانے کیلئے ہمہ وقت ان کیساتھ موثر رابطہ رکھیں کیمونٹی کے بہبودی کاموں میں سرگرمی کیساتھ حصہ لیں اپنے بھائیوں کے مسائل کے حل کو ترجیح دیں

پاکستانی حکمرانوں کے لئے ضروری ہے کہ قومی وقار کو ملحوظ رکھتے ہوئے کیمونٹی و ویلفیر اتاشیوں کی بیرون ممالک میں پوسٹوں کیلئے سفارشی نا کہ نا اہل افراد کی حوصلہ شکنی کریں ایسے کام چور افراد کو تعینات ملازمت میں توسیع کی بجائے صرف میرٹ کے مطابق قومی جذبہ کی خدمت سے مالا مال لوگوں کو تعینات کریں تاکہ پاکستانی سفارت خانوں، قونصلیٹ خانوں پر پاکستانیوں کے اعتماد میں پیش رفت ہو تاکہ اپنے سفارت کاروں کی کارکردگی پر پاکستانی فخر کر سکیں

محمد صدیق القادری
ایڈیٹر انچیف

PAK-U.A.E. FRIEND SHIP ZINDABAD

پاکستان ایک عظیم ملک ہے

یہاں کے لوگ انتہائی محنتی اور جفاکش ہیں

اپنے مُلک کی تعمیر و ترقی میں پاکستانیوں کو خدمت کا موقع دیجیے

FROM
YOUSAF & AMAN CONTRACTING CO.
POST BOX NO. 2307 DUBAI U.A.E.
TELEPHONE NO. 281886-FAX: 227964

PROP: MAHMOOD IRAQI

مشرقِ وسطیٰ میں افرادی قوت سپلائی کرنے والا ادارہ

MAHMOOD IRAQI
OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS

LICENCE NO. 0673 RWP
OFF: C-6, SUPER MARKET P.O. BOX: 2101 ISLAMABAD PAKISTAN
TELEPHONE NO. 823432-817422-TELEX: 54418 IRAQI PAK.
TELE FAX: 210599-825252

خصوصی پیغام

جناب آصف علی زرداری

ممبر نیشنل اسمبلی آف پاکستان
چیئرمین ماحولیات کونسل
برائے پاکستان



میرے لیے یہ خبر انتہائی مسرت کا باعث ہے، کہ دی **یُوتھ انٹرنیشنل میگزین** لاہور پاکستان۔ برادر اسلامی ملک متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں کی مثبت و تعمیری سرگرمیوں کو ہائی لائٹ کرنے کیلئے خصوصی ایڈیشن شائع کر رہا ہے۔ میں میگزین کے ایڈیٹر محمد صدیق القادری اور سٹاف کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اُمید رکھتا ہوں اس ایڈیشن کے ذریعے پاکستانی کمیونٹی کو باہمی اختلافات گروہ بندی سے بالاتر رہ کر قومی اتحاد و اتفاق کے فروغ، مُلک و قوم کا پرچم سربلند رکھنے کی ترغیب دی جائے گی لسانی، فرقہ وارانہ تعصبات کی بجائے صرف اور صرف پاکستانی سوچ کو پروان چڑھانے کا عہد کیا جائے گا۔

میں اس موقعہ متحدہ عرب امارات صدر ہز ہائی نیس **شیخ زاید بن سُلطان** النہیان، **وزیر اعظم شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اور امارات کی دیگر ریاستوں کے** حکمرانوں کا لاکھوں پاکستانیوں کو اپنے ہاں باعزت روزگار فراہم کرنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں اُمید رکھتا ہوں امارات کی حکومت اور برادر عوام روزگار کی فراہمی میں پاکستانی ورکرز کو ترجیح دیتے رہیں گے،

پاک امارات دوستی زندہ باد

آصف علی زرداری
ممبر نیشنل اسمبلی آف پاکستان
چیئرمین ماحولیات کونسل برائے پاکستان

یُوتھ انٹرنیشنل میگزین میں اشتہار دیجئے!

دُنیا بھر میں اپنے کاروبار کو فروغ دیں

کثیر الاشاعت یُوتھ انٹرنیشنل میگزین کے اُردو انگلش ایڈیشن میں شائع ہونے والے اشتہار پانچ لاکھ سے زائد لوگوں کی نظروں سے گزرتے ہیں اور پُر کشش اثرات چھوڑتے ہیں آپ بھی اپنی مصنوعات یا ادارے کا اشتہار **یُوتھ انٹرنیشنل میگزین** میں شائع کرائیں

اشتہار فل صفحہ بلیک اینڈ وائٹ ٦،٠٠٠ روپے
آدھا صفحہ بلیک اینڈ وائٹ ٤،٠٠٠ روپے
چوتھائی صفحہ بلیک اینڈ وائٹ ٢،٥٠٠ روپے
سنگل کالم ٥ سینٹی میٹر ١،٠٠٠ روپے
رنگین اشتہار بیک صفحہ فل فور کلر ٢٠،٠٠٠ روپے

رنگین اشتہار ٹائیٹل ان سائیڈ اندرونی فور کلر ١٥،٠٠٠ روپے
رنگین اشتہار اندرونی بیک ٹائیٹل فور کلر ١٢،٠٠٠ روپے
رنگین اشتہار عام صفحہ فور کلر ١٠،٠٠٠ روپے
رنگین اشتہار عام ہاف صفحہ فور کلر ٦،٠٠٠ روپے
رنگین اشتہار چوتھائی صفحہ ٣،٥٠٠ روپے

اپنے ادارے کا اشتہار شائع کرانے کیلئے ماہنامہ **یُوتھ انٹرنیشنل میگزین**
٦ر فلور ایوان اوقاف بلڈنگ نزد پرانا اسٹیٹ بنک لاہور پاکستان کے نام بنک ڈرافٹ/ کراس چیک بنا کر ساتھ اشتہار کا مواد جو آپ شائع کروانا چاہتے ہیں ارسال فرمائیں۔ فون نمبر:- ٣٥٤٧٢٩

منیجر شعبہ اشتہارات: **یُوتھ انٹرنیشنل میگزین**
٦ر فلور ایوان اوقاف بلڈنگ نزد پرانا اسٹیٹ بنک لاہور پاکستان

عزت مآب غلام اکبر لاسی

وفاقی وزیر محنت افرادی قوت سمندر پار پاکستانیز کا خصوصی پیغام

قارئین ہم نے اس ماہ کی اہم بین الاقوامی سیاسی شخصیت کے کالم میں ممتاز بلوچ رہنما لیسلہ گوادر سے رکن قومی اسمبلی وفاقی وزیر مملکت محنت' افرادی قوت سمندر پار پاکستانیز جناب غلام اکبر لاسی کی شخصیت کا قرعہ فال نکالا ہے امید ہے قارئین پسند فرمائیں گے

غلام اکبر لاسی کا شمار انتہائی روشن خیال' قومی سوچ کے حامل محب وطن بلوچ لیڈروں میں ہوتا ہے آپ ایک خوش اخلاق' خوش مزاج' خوش لباس' متحرک' زندہ دل' پرکشش' شخصیت کے مالک ہیں بحیثیت انسان ذاتی طور پر آپ ایک ہمدرد' غم خوار' مہمان نواز' دوست پرست' فرض شناس شریف النفس بے لوث انسان ہیں دکھی اور بے سہارا لوگوں کی خدمت کو عبادت کا درجہ دیتے ہیں عاجزی انکساری اس حد تک ہے عوام کے منتخب رکن قومی اسمبلی اور وفاقی وزیر ہوتے ہوئے بھی غرور و تکبر کے قریب نہیں آتے

بلوچستان میں پیپلز پارٹی کے اہم ترین منتخب لیڈر ہیں پاکستان پیپلز پارٹی کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن ہیں غلام اکبر لاسی کے ذاتی دوست کی حیثیت سے ان کی شخصیت کے بارے میں میرا مشاہدہ ہے کہ آپ ملک کو درپیش اجتماعی قومی مسائل و معاملات میں محاذ آرائی' مخالفت برائے مخالفت کی بجائے مثبت اور افہام تفہیم کا ذریعہ اپنانے کے قائل ہیں غلام اکبر لاسی کی انہی بے شمار اچھے اوصاف و خوبیوں اور ہمہ وقت انتھک بے لوث عوامی خدمات کا اعتراف ان کے دوستوں کے علاوہ دشمن بھی کرتے ہیں

لسبیلہ گوادر کے ہر دلعزیز رہنما غلام اکبر لاسی بلوچستان کے قابل فخر لیڈر ہیں جس پر لسبیلہ' گوادر کے لوگوں کو بے حد فخر اور ناز ہے آپ 15 فروری کو لسبیلہ بلوچستان میں پیدا ہوئے سٹوڈنٹ لائف میں دور میں ممتاز ہر دلعزیز طالب علم رہنما اور بہترین مقرر رہے کراچی یونیورسٹی سے پولیٹیکل سائنس میں ماسٹر ڈگری حاصل کی پھر ایل ایل بی لا کالج کراچی سے کیا' تعلیم سے فراغت کے بعد آپ بزنس میں آگئے بزنس اور ایگری کلچر کے شعبے میں انتھک محنت سے ایک خاص مقام پیدا کیا پھر آپ لسبیلہ چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے چیرمین منتخب ہوئے پھر کراچی چیمبرز آف کامرس انڈسٹریز کی مینجنگ کمیٹی کے ایگزیکٹیو رکن منتخب ہوئے۔

میں آپ قومی سیاست میں ورد' ہوئے قومی اسمبلی کا الیکشن لڑا بھاری اکثریت سے جیتے لسبیلہ کے عوام نے آپ کی عوامی شخصیت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا آپ نے اپنے حلقہ نیابت کے عظیم تر مفاد میں نواب اکبر بگٹی سے شدید اختلاف کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کی مرکزی حکومت کا ساتھ دینے کا فیصلہ کیا محترمہ بے نظیر بھٹو نے آپ کی صلاحتوں پر بھرپور اعتماد کرتے ہو۔ فوری طور پر اپنی کابینہ میں شامل کر کے وفاقی وزیر مملکت لیبر مین پاور کا قلمدان سپرد کیا جب صدر غلام خاں نے محترمہ بے نظیر بھٹو کی منتخب عوامی حکومت پر سنگین الزامات لگاتے ہوئے 6 اگست 1990 کو بر طرف کیا نگران حکومت کی انتقامی کاروائیوں کا آپ نے بڑی پامردی سے مقابلہ کرتے ہوئے 7 اگست 1990 کو انتہائی مشکل ترین کھڑے وقت میں پاکستان پیپلز پارٹی کو جوائن کیا جیل کی سلاخوں قید و بند کی صوبتیں برداشت کرتے ہوئے آپ نے سکھر جیل سے قومی الیکشن میں حصہ لیا صرف چند ووٹوں سے کو شکست دلوائی گئی 1993 کے الیکشن میں ریاستی اداروں کی شدید مخالفت کے باوجود آپ نے اپنے حلقے این اے 206 لسبیلہ گوادر سے پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر حصہ لیا دس ہزار ووٹوں سے بھاری اکثریت سے جیت کر قومی اسمبلی میں پہنچے محترمہ بے نظیر بھٹو نے لسبیلہ میں آپ کی بے پناہ عوامی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے وفاقی وزیر مملکت لیبر مین پاور اوور سیز پاکستانیز کا قلمدان دیا ہے

خصوصی پیغام برائے یوتھ انٹرنیشنل

جناب محمد خالد جاوید گھرکی

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے
حکومت پاکستان



متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں کی تعمیری سرگرمیوں کے بارے میں خصوصی اشاعت کا اہتمام کرنے پر "یوتھ انٹرنیشنل میگزین لاہور پاکستان" کے چیف ایڈیٹر جناب صدیق القادری اور دیگر انتظامیہ کو اس کامیاب قابل تعریف کوشش پر ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔ موجودہ عوامی دور پاک امارات برادرانہ تعلقات کے فروغ میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاک امارات دوستی کے بانی ذوالفقار علی بھٹو شہید ہیں پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرپرسن وزیر اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو متحدہ عرب امارات کے ساتھ تعلقات کو انتہائی خصوصی اہمیت دے رہی ہیں جس کے نتیجے میں امارات کے سرمایہ کاروں کی بڑی تعداد پاکستان میں سرمایہ کاری کر رہی ہے، پاک امارات دوستی کے فروغ کیلئے ہمارے لاکھوں پاکستانی بھائیوں نے بے مثال کردار ادا کیا ہے جو دن رات انتھک محنت اور فرض شناسی کے ذریعے ملک و قوم کی عظمت میں بے پناہ اضافے اور زر مبادلہ کے حصول کا سبب بن رہے ہیں میں انہیں دل کی گہرائیوں سے **مبارکباد** پیش کرتا ہوں:

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے
محمد خالد جاوید گھرکی

آپ شادی شدہ ہیں آپ کے دو بچے ایک بچی ایک بیٹا ہے قارئین آیئے اب ہم باقاعدہ انٹرویو کا آغاز کرتے ہیں

یوتھ انٹرنیشنل غلام اکبر لاسی صاحب آپ کا شکریہ آپ نے انٹرویو کیلیے وقت دیا آپ کے ملاقاتی اور مداح انتظار میں

ہیں

غلام اکبر لاسی! جناب صدیق القادری صاحب آپ کا بے حد شکریہ آپ نے مجھے اہم سیاسی شخصیت کے کالم میں منتخب کیا

یوتھ انٹرنیشنل! اکبر لاسی صاحب ہمارے قارئین آپ کی شخصیت کے بارے میں جاننا چاہیں گے کہ آپ سیاست میں کیسے آئے؟

اکبر لاسی! صدیق القادری صاحب آپ تو جانتے ہیں میرا تعلق لسبیلہ بلوچستان سے ہے میرے علاقہ میں جام آف لسبیلہ کا خاندان قومی و صوبائی سیٹوں پر کامیاب ہوتا رہا ہے آپ ان سیٹوں کو جام فیملی کی وراثت سیٹیں بھی کہہ سکتے ہیں لسبیلہ میں جام خاندان کی حمائت کے بغیر الیکشن جیتنے کا سوچا بھی نہیں جا سکتا تھا اور کسی دوسرے شخص کو جام فیملی کے مدمقابل آنے کی ہمت تک نہ تھی ۱۹۸۸ میں جب الیکشن کا اعلان ہوا جام غلام قادر مرحوم سابق وزیر اعلی بلوچستان کے بیٹے جام محمد یوسف صوبائی اسمبلی اور میں قومی اسمبلی کی سیٹ پر اسلامی جمہوری اتحاد کا امیدوار نامزد ہوا قبل ازیں میں نے بزنس کے علاوہ سیاست میں آنے کا سوچا ہی نہیں تھا

اسلامی جمہوری اتحاد کے ٹکٹ پر قومی اسمبلی کا ممبر منتخب ہونے کے بعد میں حزب اختلاف میں رہا۔ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ کی مرکزی حکومت کے خلاف تحریک عدم اعتماد تک آئی جے آئی کا ساتھ دیا پھر میرے نواب اکبر بگٹی کیساتھ مرکز اور صوبے کی محاذ آرائی پر اختلافات پیدا ہوگئے حالانکہ عوام نے مرکز میں پیپلزپارٹی کو اور صوبے میں نواب اکبر بگٹی کو مینڈیٹ دیا تھا میری خواہش تھی مرکز اور صوبوں کے مابین محاذ آرائی کی کیفیت پیدا نہ ہو مرکز میں محترمہ بے نظیر بھٹو کی پیپلز پارٹی اور صوبے میں نواب اکبر بگٹی کی پارٹی عوام کی خدمت کریں مرکز اور صوبے کے وسیع تر مفاد میں باہمی تعاون جاری رہے مگر نواب اکبر بگٹی کی ہٹ دھرمی نے مجھے اصولوں کے مطابق ملک کے وسیع تر قومی مفاد میں پیپلز پارٹی کی حکومت کا ساتھ دینے پر مجبور کر دیا کیونکہ نواب اکبر بگٹی محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کو ختم کرنے میں میاں نواز شریف سے بھی زیادہ سرگرم تھے ان کیساتھ اصولوں پر بڑھتے ہوئے اختلافات سے مجبور ہو کر میں نے اپنے ووٹروں اور رفقاء کیساتھ طویل صلاح مشورہ کے بعد محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کی حمائت کر دی انھوں نے مجھ پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اپنی حکومت کی کابینہ میں وفاقی وزیر مملکت مین پاور اوورسیز پاکستانیز کا قلمدان سونپ کر شامل کر لیا۔

اس کے ۹ ماہ بعد غلام اسحاق خاں نے ۶ اگست ۱۹۹۰ کو محترمہ بے نظیر بھٹو کی حکومت کو برطرف کرکے قومی اسمبلی توڑ دی اس کے اگلے روز ۷ اگست ۱۹۹۰ کو میں نے

باقاعدہ پریس کانفرنس کر کے پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔

یوتھ انٹرنیشنل! لاسی صاحب یہ بتائیں آپ نے سیاست کا آغاز اسلامی جمہوری اتحاد کے پلیٹ سے کیا پھر پیپلز پارٹی میں شامل ہونے کے کیا اسباب تھے؟

اکبر لاسی! یہ درست ہے کہ میں نے سیاسی زندگی کا آغاز آئی جے آئی کے پلیٹ فارم سے کیا تھا میرے نزدیک آئی جے آئی مخصوص مفادات کے لوگوں کا گروہ تھا جبکہ پیپلز پارٹی ملک کے غریب محنت کشوں کے حقوق کی علمبردار ہے محنت کش طبقہ ہی پیپلز پارٹی کا سرمایہ ہیں پیپلز پارٹی کی اصل قوت ہی اس ملک کے غریب محنت کش ہیں کیونکہ میرا تعلق بھی غریب اور پسماندہ صوبے سے ہے جہاں لوگوں کو پینے کیلئے صاف پانی میسر نہیں، خوراک نہیں بجلی نہیں، صحت و تعلیم کی سہولتیں نہیں، سڑکیں نہیں جبکہ یہ تمام سہولتیں پہنچانے کا پروگرام پیپلزپارٹی کے پاس

(انٹرویو)

اس ماہ کی اہم بین الاقوامی شخصیت

ہے یہ وفاق پاکستان کے اتحاد کی علامت کی پارٹی ہے پیپلزپارٹی سے میرا جذباتی والہانہ تعلق ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل آپ وفاقی وزیر مملکت برائے لیبر مین پاور ہیں آپ کی حکومت کی کیا لیبر پالیسی ہوگی لیبر پالیسی کا ایک اعلان کر رہے ہیں؟

اکبر لاسی! قادری صاحب میں نے عرض کیا تا ہمارے ملک کے محنت کش ہی پیپلز پارٹی کا سرمایہ ہیں پیپلز پارٹی محنت کشوں کی قربانیوں اوراحسانوں تلے دبی ہوئی ہے ہماری ترجیح محنت کشوں کے حقوق کا تحفظ ہے ہماری حکومت جو لیبر پالیسی مرتب کر رہی ہے انشا اللہ آپ بھی دیکھیں گے پیپلز پارٹی کی حکومت کی لیبر پالیسی محنت کشوں کی بھر پور امنگوں کا ترجمان ہوگی صحافی جس کے اعلان کے بعد ملک میں کوئی کارخانہ دار کسی محنت کش کو نکال نہیں سکے گا ہر ادارہ میں لیبر کو قانونا یونین سازی کا حق ہوگا جس طرح قومی اسمبلی اور سینٹ کی مدت ہے اس طرح ہر ادارہ کی لیبر یونین کی قانونی مدت ہوگی کوئی باہر کا آدمی لیبر یونین میں عہدہ نہیں لے سکے گا نئی دی

پالیسی کے تحت مارشل لا دور سے اب تک برطرف شدہ تمام ملازمین کو بحال کیا جائے گا آئندہ کسی ادارے میں برطرفیاں نہیں ہونگی ملک میں عارضی بنیادوں پر کام کرنے والوں کو مستقل کیا جائے گا کسی ادارہ میں پاکٹ یونین سازی کی اجازت نہیں ہوگی ہر یونین ریفرنڈم کے بعد وجود میں آئے گی

یوتھ انٹرنیشنل! کیا نج کاری کے موجودہ عمل سے محنت کشوں کی بے روزگاری میں اضافہ نہیں ہوگا

اکبر لاسی! موجودہ دور نج کاری کا دور ہے آج یورپ سمیت ہر ملک میں نج کاری ہو رہی ہے۔ مگر نج کاری کے موجودہ عمل سے ہم اپنے ملک کے محنت کشوں کو بے روزگار اور برطرف نہیں ہونے دیں گے بلکہ نج کاری سے قبل محنت کشوں کو ان کا حق دلایا جائے

یوتھ انٹرنیشنل! موجودہ حکومت ملک سے بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے کیا کیا اقدامات کر رہی ہے؟

اکبر لاسی! ملک سے بے روز گاری کا خاتمہ ہماری حکومت کا ماٹو ہے۔ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحب ملک سے بے روز گاری کو ختم کرنے کیلئے انقلابی اقدامات کر رہی ہیں محترمہ بے نظیر بھٹو بہت جلد ملازمتوں سے پابندی ہٹا کر قوم سے کیا ہوا وعدہ پورا کر رہی ہیں ہماری حکومت انشا اللہ لاکھوں لوگوں کو بیرون ملک روز گاری فراہم کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کر رہی ہیں اس سلسلہ میں بے نظیر بھٹو صاحبہ نے مجھے خصوصی طور پر ہدایت کی ہے بیرون ممالک میں مین پاور کی ایکسپورٹ کے شعبے کو متحرک کر کے پاکستان کے دوست ممالک سے زیادہ سے زیادہ افرادی قوت کو برآمد کیا جائے محترمہ کی انتھک کوششوں اور پاکستان کے دوست ممالک کیساتھ مسلسل رابطوں سے بیرون ملکوں میں پاکستانی ورکرز کے روز گار کیلئے وسیع امکانات پیدا ہوئے ہیں

یوتھ انٹرنیشنل! لاسی صاحب اگر اعداد و شمار کے حوالے سے دیکھا جائے تو یہ واضع نظر آتا ہے کہ پاکستانی مین پاور کی برآمد میں بہت زیادہ کمی واقع ہوئی ہے ان حالات میں آپ کس طرح لاکھوں لوگوں کو بیرون ملک روز گار دلانے کا دعویٰ کر رہے ہیں؟

اکبر لاسی! صدیق القادری صاحب آپ کا کہنا بھی درست ہے پاکستانی مین پاور کی برآمد میں بہت زیادہ کمی واقعی ہوئی ہے وہ دوست ملک جہاں 80 فی صد پاکستانی مین پاور جاتی تھی اب کم ہو کر 10 فی صد رہ گئی ہے میرے خیال میں اس میں کوتاہی ہمارے دوست ملکوں کی نہیں بلکہ ہماری سابقہ حکومتوں کی ہے جنہوں نے جان بوجھ کر افرادی قوت کی

باقی صفحہ ۶۷ پر

متحدہ عرب امارات کے ہر دلعزیز صدر عالی مرتبت

شیخ زید بن سلطان النہیان

متحدہ عرب امارات میں مقیم ممتاز پاکستانی شخصیات کے تاثرات

یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ایڈیٹر انچیف
صدیق القادری
کے یو اے ای کے تفصیلی دورہ میں
پاکستانیوں سے ملاقاتوں کی تفصیلی رپورٹ

مقیم برادر ملک متحدہ عرب امارات میں مقیم برادران

وطن سے ملاقاتیں چند مشاہدات و تاثرات

لوگ لیتے ہیں تیرا نام
میرے نام کے ساتھ

کے مصداق پر قوم اور ملک کی شناخت اسکے عوام ہوتے ہیں اور کسی ملک یا قوم کے معیار تعمیر و ترقی اور خوشحالی کو جانچنے کا بہترین پیمانہ ان کا (sowi economic) سوشو اکنامک معاشرہ ہوتا ہے اس اصول کو میں ان پاکستانیوں پر بھی لاگو کر سکتا ہوں جو اندرون ملک بین صوبائی اتحاد کی علامت ہیں اور بیرون ملک پاکستان کی شناخت رکھتے ہیں اور جن کے ہر قول و فعل کو ملک و قوم کی ترجمانی سمجھنا چاہیے۔

میرے نقطہ نظر کے مطابق غیر ممالک میں مقیم پاکستانی نہ صرف اپنے ملک کی پہچان بلکہ اجتماعی طور پر قومی وقار اور مفادات کے تحفظ کی علامت و ضمانت بھی ہیں وہ اپنی سرزمین پاک سے کوسوں دور رہ کر بھی ملک کی جغرافیائی اور نظریاتی سرحدوں کے پاسبان ہی نہیں بلکہ قومی تعمیر و ترقی اور خوشحالی کا مظہر بھی ہیں لیکن میں اس امر کے تاسف کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ ہم نے بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی صلاحیتوں توانائیوں اور قوتوں کو وسیع تر قومی مفادات میں استعمال کرنے کے لئے قومی سطح پر کوئی ٹھوس منصوبہ بندی نہیں کی کہ ان لاکھوں پاکستانیوں کی بے لوث خدمات سے استفادہ کیا جا سکے حالانکہ ایک پہلو سے دیکھا جائے تو یہ لوگ خارجی سطح پر قومی مفادات بالخصوص خارجہ پالیسی کے حق میں بہترین امین ثابت ہو سکتے ہیں میں نے اپنے برادر اسلامی ملک متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں کا جو مشاہدہ کیا ہے اس کے رد عمل میں مجھے اس امر کا احساس ہوا کہ نہ صرف دیگر ممالک بلکہ متحدہ عرب امارات میں اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ ان کو متحد کرنے اور قومی مفادات کی ایک مشترکہ لڑی پرونے کیلئے حکومتی سطح پر کچھ اقدامات کی ضرورت ہے۔

بدلتے ہوئے بین الاقوامی حالات کے پیش نظر خارجی سطح پر کامیابیاں حاصل کرنے کیلئے ہم ان پاکستانیوں سے بہت کام لے سکتے ہیں مثلاً بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی سرکاری سطح پر اتفاق رائے سے ایڈوائزری کمیٹیاں قائم کی جائیں اور پھر ایک بااختیار مرکزی ایڈوائزری کونسل قائم کی جائے جس میں ہر ایڈوائزری کمیٹی کو نمائندگی حاصل ہو اس مرکزی کونسل کو حکومت پاکستان میں سینٹ قومی اسمبلی، وزارت خارجہ، وزارت داخلہ میں خصوصی نمائندگی حاصل ہونی چاہیے صدر پاکستان یا وزیر اعظم پاکستان اسکی اعزازی چیرمین یا سرپرست ہوں وزارت خارجہ میں اوورسیز پاکستانیوں کا ایک خصوصی سیل قائم کیا جائے میری یہ تجویز میرے نقطہ نظر کے مطابق دور اس نتائج کی حامل ہو گی کہ بیرون ملکوں میں جو قابل اور باوقار پاکستانی شخصیات ملک و ملت کا نام بلند کرنے میں رضاکارانہ طور پر سفارتی فرائض سرانجام دے رہی ہیں انہیں قومی اسمبلی اور سینٹ آف پاکستان میں نمائندگی دی جائے یقیناً" حکومت پاکستان کے اس اقدام سے نہ صرف عالمی رائے عامہ پاکستان کے قومی نقطہ نظر سے آگاہ ہو گی بلکہ کشمیر کے مسئلہ پر عالمی رائے عامہ خصوصاً اسلامی ممالک کی برادر عوام بیدار ہو سکے گی میں وزیر اعظم

پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ سے اس موقعہ پر گزارش کروں گا کہ اوورسیز پاکستانیز کو قومی مفادات کے حصول اور دوطرفہ خارجہ تعلقات میں اہم کردار ادا کرنے کے قابل بنانے کیلئے منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔

پاکستان کے نامور سپوت میرے قابل احترام دوست جناب یعقوب تابانی (تابانی گروپ آف انڈسٹریز والے) تابانی گروپ ایک محب وطن پاکستانی ہیں جو آزاد وسط ایشیائی مسلم ریاستوں میں بہترین پاکستانی اور پاکستانی مصنوعات کی ایک پہچان ہیں انہوں نے قومی صنعت ٹیکسٹائل کو جس انداز میں متعارف کرایا ہے وہ قابل ستائش ہیں آج کل ترکمانستان ایئرلائن کی پاکستان میں بڑے موثر انداز میں نمائندگی کر رہے ہیں۔ یہ ایئرلائن بیرون ملک بالخصوص متحدہ عرب امارات میں کام کرنے والے پاکستانیوں کو بہت زیادہ سفری سہولتیں فراہم کر رہی ہیں کراچی ابوظہبی روٹ پاکستانیوں کیلئے دوسری ایئر لائنز کے مقابلے میں زیادہ فائدہ مند ہو رہا ہے۔

مسافروں کے سامان وزن کے سلسلے میں پی ائی اے کے مقابلے میں کافی چھوٹ دے رہی ہے شائد یہی وجہ ہے کہ پاکستانیوں کو سب سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی وجہ سے یہ ایئرلائن پی آئی اے کہیں زیادہ پاکستانیوں کو پسند ہے پی آئی اے کا طرز عمل تو یوں بھی خاصا پریشان کن ہے کیونکہ مسافروں کے ساتھ ان کی زیادتیاں زیادہ زرعام ہو چکی ہیں اسی بنا پر پاکستان کی یہ قومی ایئرلائن شرمناک حد تک خسارے میں جا رہی ہے حالانکہ ہوائی سفر میں مختلف ایئر لائنز میں جو مسابقت کی صورت حال ہے اسکے پیش نظر پی آئی اے کے عملے کو اپنے آمرانہ بداخلاقانہ رویہ پر نظرثانی کرنا چاہیے تھی لیکن یوں دکھائی دیتا ہے کہ حکومت قومی وقار کے منافی طرز عمل اور ناپسندیدہ پبلک ڈیلنگ پر مبنی روایات کا محاسبہ کرنے پر تیار نہیں اگر حکومت بیرون ممالک میں مقیم پاکستانیوں کو پی آئی اے کے سفر میں باعزت سہولتیں فراہم کرے تو یقیناً" یہ پرکشش اور ترغیبات اس قومی ائیر لائن کی گرتی ہوئی ساکھ کو سہارا دے سکتی ہیں

اس مرتبہ مجھے کراچی سے ابوظہبی جانے کیلئے ترکمانستان ائیرلائن ملی جب محترم یعقوب تابانی صاحب کے علم میں آیا کہ میں ان کی ائیر لائنز کے ذریعے کراچی

بھی ہوئی اس ملاقات میں ان کی میرے ساتھ مختلف امور پر بات چیت ہوئی انہوں نے کہا کہ پاکستان اور یو اے ای میں انتہائی برادرانہ تعلقات قائم ہیں ان دو اسلامی مملکتوں کے درمیان مختلف شعبہ جات میں تعلقات روز بروز بڑھتے جا رہے ہیں کہ یہاں آج لاکھوں پاکستانی برسر روزگار ہیں اور متحدہ عرب امارات کی حکومت ان کو ہر پہلو سے سہولیات فراہم کر رہی ہے انہیں ایک حد تک متحدہ عرب امارات میں مکمل آزادی ہے انہوں نے یہ بھی بتایا کہ پاکستان میں نئی حکومت بننے کے بعد یو اے ای نے پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات میں مزید گرم جوشی پیدا کی ہے وزیر اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو نے اقتدار میں

حکومت پاکستان متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل پر توجہ دے

سے ابوظہبی جا رہا ہوں تو انہوں نے اپنے ڈائریکٹر مسٹر ارشد جلیل کو ہدایت کی صدیق القادری ہمارے دوست ہیں ان کا خاص خیال رکھا جائے چنانچہ ایئر لائنز کے عملہ نے انتہائی اعلیٰ اخلاق بھرپور مہمان نوازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کراچی سے ابوظہبی تک پورا خیال رکھا میں اسے خدا کی عنائت سمجھتا ہوں۔ اس ائیرلائنز پر میں جب ابوظہبی پہنچا تو میرے پرانے دوست وضع شخصیت اور پاکستانی سفارت خانہ ابوظہبی کے پریس قونصلر سید علی اکبر بمعہ اپنے پروٹوکول افسر کے ائیرپورٹ پر موجود تھے ہوٹل امارات پلازہ میں میرا قیام تھا۔

میری ملاقات پاکستان کے سفیر متعینہ یو اے ای جناب منصور عالم سے

آنے کے بعد اس ملک کا سب سے پہلے دورہ کیا تھا جسے یہاں کی حکومت اور عوام نے بہت سراہا تھا۔

عربی ماحول میں پاکستانی ثقافتی سرگرمیاں

شیخ زاید پاکستان کلچرل سنٹر ابوظہبی

پاکستانیوں کی ثقافتی سماجی علمی اور مذہبی سرگرمیوں کا ایک اہم ترین مرکز ہے۔ اس مرکز کے لئے جگہ متحدہ عرب امارات کے عظیم صدر شیخ زاید بن سلطان النہیان نے بطور عطیہ دی تھی۔ اس ثقافتی مرکز میں پاکستان اور یو اے ای کے اہم قومی تہواروں کے موقعہ پر رنگا رنگ کی تقریبات منعقد ہوتی ہیں جس سے برادرانہ یکجہتی اور ہم آہنگی کے جذبات کو مزید تقویت ملتی ہے قابل ذکر بات یہ ہے کہ گزشتہ چند

متحدہ عرب امارات میں مقیم ممتاز پاکستانی شخصیات سے بات چیت

سالوں سے اس مرکز کے عہدیداروں کے باقاعدہ الیکشن ہوتے ہیں اس الیکشن میں اس مرکز کے باقاعدہ پاکستانی ممبر اپنے ووٹ کا حق استعمال کرتے ہیں اس مرکز کے تحت ہر سال ایک خوبصورت مینا بازار بھی لگتا ہے یہ پاکستان بازار پاکستانی ثقافت کا بھرپور آئینہ دار ہوتا ہے جس میں پاکستانی مصنوعات کی نمائش ہوتی ہے جو پاکستانی مصنوعات کے فروغ کا باعث بنتی ہیں اس

مرکز کی سرپرستی پاکستانی سفارت خانہ ابوظہبی کرتا ہے جبکہ مرکز کے مالی معاملات اپنی مدد آپ کے اصولوں کے علاوہ مینا بازار کی آمدنی سے پورے ہوتے ہیں یہ ایک اہم سماجی پلیٹ فارم ہے لیکن یہاں اس امر کی بھی سخت ضرورت ہے کہ حکومت پاکستان اور وزارت خارجہ ایک باقاعدہ منصوبہ کے ذریعے ایسے قابل تعریف قومی فورم کی حوصلہ افزائی کی جائے اور

اس فورم کی ذمہ داریوں میں ان پاکستانیوں کو شریک کیا جائے جنکی تعمیری سماجی اور علمی اور قومی صلاحیتیں کسی شک و شبہ سے بالاتر ہوں اس مرکز کے عہدیداروں کو اگر سفارت خانہ پاکستان اہم قومی معاملات اور قومی خارجہ پالیسی کے ضمن میں وقتاً" فوقتاً" بریفنگ دینے کی رسم ڈالے تو یقیناً" بہترین نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

شیخ زاید پاکستان کلچرل سوسائٹی ابوظہبی کے سالانہ انتخابات ۱۹۹۴-۹۵ء

پاکستان سنٹر ابو ظہبی کے نو منتخب عہدیداران سفیر پاکستان' اور لیبر و یلفیر اتاشی ہمراہ

اس مرکز کی عہدیداروں کے سالانہ انتخابات میں اظہار حیدر گروپ اور صدیق گروپ کا مقابلہ تھا ایک گروپ کے قائد سید اظہار حیدر اور دوسرے گروپ کے قائد الحاج چودھری محمد صدیق تھے انتخاباتی نتائج کے مطابق ممبران کی بھاری اکثریت نے صدیق گروپ پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں بھاری اکثریت سے کامیاب کرایا الیکشن نتائج کے مطابق آئندہ (1994-1995) کے لئے مندرجہ ذیل عہدیدار منتخب ہوئے۔

صدر = الحاج چوہدری محمد صدیق
نائب صدر = میرزمان
جنرل سیکرٹری = ممتازالدین احمد
جوائنٹ سیکرٹری = محمد اقبال آفریدی
خازن = عبدالمجید خاکوانی
نائب خازن = سعادت حسین جاوید
سیکرٹری سپورٹس = طارق محمود عباسی
سیکرٹری تقریبات = عبدالمجید
سیکرٹری تعلقات عامہ = چودھری مہدی خاں
ایگزیکٹو ممبر = حیات اللہ خاں
ایگزیکٹو ممبر = محمد یعقوب

شیخ زاید پاکستان کلچرل سنٹر کے نئے صدر الحاج محمد صدیق ابو ظہبی میں معروف کاروباری شخصیت ہیں آپ ہیوی ایکوئپمنٹ کے سپرپارٹس کا کاروبار کرتے ہیں سیالکوٹ سے تعلق رکھتے ہیں

گورنمنٹ مرے کالج سیالکوٹ کی یونین کے جوائنٹ سیکرٹری رہے ہیں پابند

خوش اخلاق ملنسار
مشہور محبِ وطن
پاکستانی شخصیت

الحاج محمد صدیق

صدر شیخ زاید
پاکستان کلچرل سنٹر ابوظہبی سے
بات چیت

صوم صلواۃ سماجی ثقافتی ادبی اور تجارتی سرگرمیوں کی وجہ سے پاکستانی کیمونٹی آپ کا ازحد احترام کرتی ہے آپ بھی کیمونٹی کی خدمت کا کوئی موقعہ جانے نہیں دیتے

کشمیر کاز کیلئے ہمہ تن کوشاں ہیں

مزید مستحکم کرنے کا سبب بنے گا یہ مرکز کسی علاقائی اور مذہبی تعصب سے بالاتر ہوگا اس مرکز میں ایک پرسکون' پرامن ماحول پیدا کیا جائے گا ہر پاکستانی ممبر اپنے خاندان کے ساتھ آزادانہ ماحول میں یہاں کی

سرمایہ کاری کیلئے پاکستانیوں اور یو اے ای کے باشندوں کو ترغیبات دی جائینگی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ بیروزگار پاکستانیوں کو باہر سے نوکری دلانیکی بھرپور کوشش ہو گی میں محترمہ بے نظیر بھٹو وزیر اعظم







مرکز پاکستان کے نومنتخب صدر نے اپنی ایک ملاقات میں اپنے افکار احساسات پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ ابو ظہبی میں قائم اس مرکز کو وہ قومی عزت وقار کا مرکز بنائیں گے انشاءاللہ یہ مرکز متحدہ عرب امارات اور پاکستانیوں کی دوستی اور اخوت کے رشتوں کو

تعمیری سرگرمیوں اور تقریبات میں حصہ لے سکے گا وطن عزیز کے مفادات کیلئے اراکین مجلس عاملہ کی رائے کو فوقیت دی جائے گی پاکستانی طلبہ و طالبات کی تعلیمی ادبی اور سپورٹس سرگرمیوں کے فروغ کیلئے گراں قدر فنڈز مختص کئے جائیں پاکستان میں

پاکستان سے درخواست کرتا ہوں کہ بیرون ملکوں میں مقیم پاکستانیوں کو سمال انڈسٹریز کے شعبہ میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کیلئے زیادہ سے زیادہ مراعات دی جائیں تاکہ یہ پاکستانی اپنے ملک میں کھل کر انوسمنٹ کر سکیں انہوں نے مزید بتایا کہ یہ پاکستانی ثقافتی

حاجی محمد صدیق نو منتخب صدر شیخ زاید پاکستان کلچرل سنٹر کے عہدیداروں کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

مرکز مذکور مینا بازار کے ذریعے پاکستانی مصنوعات کی ایک اچھی نمائش گاہ ثابت ہو گا یوں یہاں ہر پاکستانی مصنوعات کی کافی کھپت ہے ویسے اس امر کی سخت ضرورت ہے کہ۔ حکومت پاکستان اپنے ایکسپورٹ پروموشن بیورو کے ذریعے **ابوظہبی** العین دوبئی' شارجہ وغیرہ میں پاکستانی اشیاء کی نمائش لگایا کرے انہوں نے کہا کہ یہاں سرجیکل سپورٹس ٹیکسٹائل کپاس' چھوٹی مشینری کی ڈیمانڈ موجود ہے جبکہ ضرورت صرف یہ ہے کہ پاکستانی تاجر آگے آئیں

اور نمونہ کے مطابق معیاری اشیاء سپلائی کریں پورے **گلف** خصوصا" یو اے ای میں پاکستانی پروڈکس بہت چانسز ہیں افسوس اس بات کا ہے کہ ہمارے بعض تاجر ریٹ تو کم کرتے دیتے ہیں مگر کوالٹی کا قطعا" خیال نہیں رکھتے جسکی وجہ سے ناقص اشیاء تجارت کی سے پاکستان کو بین الاقوامی تجارتی منڈی میں نقصان پہنچتا ہے تعلیمی مسائل کی طرح توجہ دلاتے ہوئے الحاج محمد صدیق نے بتایا کہ اور سیز پاکستانی سٹوڈنٹ پاکستان میں تعلیمی اداروں کے لئے داخلے میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ اوورسیز پاکستانیز کو پریشانی پہلے ہی زیادہ ہیں کہ والدین یہاں ہیں اولاد پاکستان میں ہیں جب ان بچوں کو داخلہ نہیں ملتا تو والدین انہیں مایوس ہو کر پھر پاکستان سے واپس بھجوا دیتے پاکستانی سکولوں میں کوٹہ بڑھانیکی ضرورت ہے

سہیل خاور' صفیہ حسین جعفری اور صدیق القادری کے ہمراہ

الحاج محمد صدیق نے ایک سوال کے جواب میں متحدہ عرب امارات کے صدر جناب شیخ زاید کو پاکستان کا ایک عظیم محسن قرار دیا اور کہا کہ متحدہ عرب امارات میں ہم پاکستانیوں کو جو عزت و وقار ملا ہے یہ سب کچھ انہیں کی بدولت ہے

انہوں نے اس موقعہ پر کہا کہ

پاکستانیوں کا فرض ہے کہ وہ یہاں یو اے ای کے قوانین کا احترام کریں اور کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے ملک کے وقار پر حرف آئے یو اے ای ہمارا برادر اسلامی ملک ہے پاکستانیوں کو اتحاد اور یکجہتی

کا مظاہرہ کر کے ان تعلقات کو مزید مضبوط کرنا چاہیے اور یہ استحکام دونوں ملکوں کی ضرورت ہے۔ ——————

ابوظہبی میں مقیم ممتاز پاکستانی بنکار، قومی جذبہ حب الوطنی سے سرشار شخصیت

منصور جاوید

صدر ابوظہبی کرکٹ کونسل سے تفصیلی بات چیت

منصور احمد جاوید کا شمار پاکستان کی ممتاز شخصیات میں ہوتا ہے آپ یو اے ای میں پاکستانی کمیونٹی کے اجتماعی فلاحی سماجی کاموں اور سپورٹس سرگرمیوں میں آگے آگے رہتے ہیں آپ ایک ملنسار خوش اخلاق اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار انسان ہیں ایک معروف پاکستانی بینکار کی حیثیت میں بھی آپ کی شخصیت منفرد ہے انہی گوناگوں اوصاف کے بناء پر آپ کو پاکستانی کمیونٹی میں انتہائی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

آپ کا تعلق پاکستان کے دل لاہور سے ہے 1961میں گارڈن کالج سے گریجویشن کی آپ نے پنجاب یونیورسٹی سٹوڈنٹس یونین کی صدارت کیلئے آزاد حیثیت میں لڑا تھا چند ووٹوں سے رہ گئے آپ نے 1976ء BCCI میں شمولیت اختیار کی العین میں پوسٹ ہوئے اور پھر 1984 سے لے کر 1990 تک دبئی بی سی سی آئی اس کے بعد آپ یونین نیشنل بنک میں آئے آج کل یونین بنک کے سینئر ایگزیکٹو ہیں جبکہ یونین نیشنل بنک کے چیرمین شیخ انہیان بن مبارک ہیں

منصور احمد جاوید 1992 مین یونین نیشنل بنک کی کرکٹ کے صدر بنے ابو ظہبی میں کرکٹ کے فروغ کی سلسلے میں آپ کی یونین نیشنل بنک کرکٹ ٹیم کا رول قابل تعریف رہا ہے اگست 1993 میں آپ ابو ظہبی کرکٹ کونسل کی صدر منتخب ہوئے اس کونسل کے عہدیداروں کی تقسیم یہ ہے

صدر منصور احمد جاوید' نائب صدر جی آر سیٹھی۔ جنرل سیکرٹری انعام الحق۔ ٹورنامنٹ سیکرٹری قیصر بٹ۔ کرکٹ کے فروغ میں حائل رکاوٹوں کا ذکر کرتے ہوئے منصور جاوید نے بتایا کہ ہمارے کھلاڑیوں نے کرکٹ سٹیڈیم نہ ہونے کے باوجود کرکٹ کی دنیا میں یو اے ای کا مقام بلند کیا اور ہمارے کھلاڑیوں کی بدولت یو اے ای کی قومی کرکٹ ٹیم معرض وجود میں آئی ہے

جناب منصور جاوید صدر 'ابوظہبی کونسل کرکٹ ٹیم کے ہمراہ'

ممتاز بنکار جناب منصور جاوید' بین الاقوامی شہرت یافتہ
پاکستانی شاعر احمد فراز کو انعام دیتے ہوئے

ابو ظہبی کرکٹ کونسل کے صدر نے بتایا
ابو ظہبی میں کرکٹ سٹیڈیم کیلئے شیخ زاید بن
سلطان النہیان نے ہمیں 1.25 مربع کلو میٹر
رقبہ الاٹ کیا ہے سٹیڈیم کا سارا پلان تیار
ہے کرکٹ سٹیڈیم کی تعمیر پر اندازاً 35-40
ملین درہم لاگت آئیگی سٹیڈیم بننے کے بعد
ہمارے کھلاڑیوں کو کھیلنے کے اچھے مواقع
میسر آئیں گے جاوید منصور نے بتایا اس
وقت ابو ظہبی میں پینتیس ٹیمیں کھیلتی ہیں
انہیں کنٹرول کرنا بہت بڑا مسئلہ ہے اور پھر
اسی صورت میں جبکہ پریکٹس کیلئے فیلڈ بھی
نہ ہو ان حالات میں یو اے ای کی قومی

کرکٹ ٹیم کی اچھی کارکردگی قابل تحسین و

مبارک باد ہے منصور جاوید نے بتایا یو اے
ای کی کرکٹ ٹیم میں زیادہ تر کھلاڑی ابو
ظہبی کی طرف سے کھیلتے ہیں۔

منصور جاوید نے مزید بتایا کہ ہمیں
کوالیفائیڈ امپائر کی کمی ہے ہم امپائر کو
ٹریننگ دینے کا پروگرام بنا رہے ہیں یہاں
کرکٹ ٹورنامنٹ کی انٹری فیس صرف تین
سو درہم انہوں نے مزید بتایا کہ یو اے ای
میں کرکٹ کے فروغ میں یونین نیشنل بنک
کا کردار قابل تعریف ہے یو این بی اپنے
تمام کھلاڑیوں کو تنخواہ دے رہی ہے۔

ابو ظہبی کرکٹ کونسل کے صدر جناب منصور جاوید' ممتاز صحافی صدیق القادری اور کرکٹ کے فروغ میں ایک اہم شخصیت زیڈ اے بابر

عالی مرتبت شیخ خلیفہ بن زاید النہیان کراؤن پرنس ابو ظہبی

ڈپٹی سپریم کمانڈر یو۔اے۔ای آئند فورسز

محمد عبدالسلیم سے بات چیت

متحدہ عرب امارات میں مشہور و معروف پاکستانی بزنس مین سماجی شخصیت

یو اے ای میں بسنے والے محب وطن اور سلجھے ہوئے پاکستانی حلقوں میں محمد عبدالسلیم کا نام ایک باصلاحیت' روشن خیال' صاف گو' سلف میڈ قابل فخر پاکستانی کے طور پر لیا جاتا ہے سلیم کی شخصیت واقعی ایک پر خلوص' بے لوث' ہمدرد دوست' خوش مزاج' غم خوار' اور سلجھے ہوئے انسان کی صورت میں جانی پہچانی جاتی ہے انہی بیش با خوبیوں کی بدولت محمد عبدالسلیم مقامی عرب شہریوں کے علاوہ دیگر کیمونٹی میں بھی کافی مقبول ہیں۔ ان کا تعلق کراچی پاکستان سے ہے گزشتہ 18 سالوں سے ابوظہبی میں مقیم ہیں بنیادی طور پر انجینئر ہیں ڈائزیز اور ڈیکوریٹر اتنے اچھے ہیں کہ متعدد ہوٹلوں کی ڈیزائنگ اور ڈیکوریشن کر چکے ہیں انٹیریر ڈیکوریشن میں ان کا ابوظہبی میں کوئی ثانی نہیں یہ ہی وجہ تھی کہ حضرت ہوٹلنگ کی انٹیریر ڈیکوریشن کی سروس میں آگئے اور (Interior Decorator) کی نسبت سے زبردست مقبولیت حاصل کی آپ نے ہوٹل امارات پلازہ کا بزنس شروع کیا جو کہ ان کی کامیابی کی بہت بڑی دلیل ہے جسے کامیابی کے ساتھ چلانے شب و روز کوشاں ہیں اس ہوٹل کے 90 عدد دیدہ زیب جدید معیاری رومز اور 9 عدد بین الاقوامی معیار کے ریسٹورنٹ ہیں۔ جو کہ پاکستانی فوڈ اور ثقافت کے فروغ میں کلیدی رول ادا کر رہے ہیں اس طرح پاکستانیوں کی دوہری خدمت ہو رہی ہے ایک طرف تو انہیں اعلیٰ قسم کا پاکستان کھانا میسر آتا ہے اور دوسری طرف ان ہوٹلوں میں زیادہ تر ملازمین پاکستانی ہیں۔ سلیم صاحب ہمیشہ پاکستانی ثقافتی طائفوں اور اچھے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے

پاکستانی شہرت یافتہ گلوکارہ عابدہ پروین محمد اے سلیم اور جی آر۔ سیٹھی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے۔

ہیں۔ دنیا میں مقبول و معروف فنکاروں کے پروگرام اعلیٰ پیمانے پر کروا چکے ہیں۔ جس میں عابدہ پروین۔ وائٹل سائنس اسٹر گکس' اسٹوڈیو' ڈھائی پروگرام اور علی حیدر سنگر وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ وہ ابوظہبی میں ایک کنٹنگ کمپنی بھی چلا رہے ہیں جس میں بیشتر سٹاف پاکستانی ہے ہوٹل انڈسٹریز کے

محمد سلیم کی دعوت میں شریک مہمان میزبان فیملی کے ہمراہ۔

محمد سلیم بے حد نفیس' قابل فخر انسان ہیں

بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے عبدالسلیم نے کہا کہ ان کی یہ دلی تمنا ہے پاکستانی خواہ دنیا کے کسی حصہ میں ہوں وہ ہوٹلنگ کے اس شعبہ میں آئیں محنت ہمت اور لگن کے ساتھ آگے بڑھیں اور ملک و قوم کے نام کو روشن کریں انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا میں ایک جنت نظیر ملک ہے ایسی خوبصورت وادیاں اور آبشاریں اور گرین جنگلات ہیں جو کہ دنیا بھر کے سیاحوں کے لئے اپنے اندر بے انداز کشش رکھتیں ہیں پاکستان میں ٹورازم ڈیپارٹمنٹ والوں کی ناقص منصوبہ بندی اور عدم تعاون کی وجہ سے بین الاقوامی سیاحوں کو مناسب سہولتیں میسر نہیں ہوتی جس کے سبب وہ اکثر دوسرے ممالک کا رخ اختیار کر جاتے ہیں اسکی سب سے بڑی مثال نیپال ہے نیپال کی تمام کی تمام معاشیات کا دارومدار سیاحت پر ہے۔ ملائشیا بھی ٹورزم کی طرف رواں دواں ہے۔ موجودہ عوامی حکومت کی وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو جو کافی روشن خیال وسیع ذہن خاتون لیڈر ہیں انہیں چاہئے کہ وہ سیاحت کے لئے ایک باقاعدہ بااختیار ادارہ قائم کریں جو صحیح معنوں میں اس

کام کو آگے بڑھائے۔ عبدالسلیم نے بتایا کہ اگر حکومت پاکستان بیرون ملک میں رہنے والے پاکستانیوں کو ٹورازم ہوٹلنگ میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کرے اور انہیں مکمل تحفظ فراہم کرے تو بہت زیادہ تعداد میں بیرون ملک میں رہنے والے پاکستانی اس شعبے میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے تیار ہیں۔
سلسلہ عبدالسلیم نے کہا حکومت پاکستان

محمد عبدالسلیم بین الاقوامی شہرت یافتہ گروپ کے ہمراہ۔

تجارت کو ترقی ملتی ہے کڑوں ڈالر کا زرمبادلہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کا باعث بنتا ہے۔ عبدالسلیم کا کہنا ہے کہ ناردرن ایریا۔ کوئٹہ، پشاور، سوات، اسلام آباد، لاہور، فیصل آباد، ملتان، حیدر آباد، اور کراچی میں فور سٹار ہوٹلز کی بہت کمی ہے۔ اس لئے مناسب جگہ تلاش کرکے ان علاقوں میں ہوٹلز بنوائے جائیں جو کہ بیرونی ممالک کے سیاحوں کیلئے بہت پرکشش ہوگا اور ملک و قوم کو بھی بے حد فائدہ ہوگا۔

محمد اے سلیم اپنے بچے کی سالگرہ کی تقریب میں اپنی فیملی کے ہمراہ۔

اگر بیرونی ممالک میں رہنے والے پاکستانیوں سے امداد لی جائے تو پاکستان میں ٹورازم میدان میں انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے ٹورازم ایسا شعبہ ہے جس کے ذریعے ملک کی صنعت،

آمیر حمزہ شنواری مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی

مرکز پاکستان ابو ظہبی کے لیاقت ہال میں بروز پیر کو عصر حاضر کے بلند پایہ اردو اور پشتو کے شاعر ادیب اور بابائے غزل جناب آمیر حمزہ شنواری کے روح کو ایصال ثواب کے لئے پختون و روروَلی کے ابو ظہبی صدر سیف الرحمان آفریدی نے قرآن خوانی کا اہتمام کیا۔ مرحوم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اور آخر میں اجتماعی دعا مانگی گئی۔ اس تقریب میں محمد اقبال آفریدی جوائنٹ سیکرٹری پاکستان کلچرل سنٹر، حیات اللہ خان ممبر ایگزیکیٹو باڈی پاکستان سنٹر ابو ظہبی نے شرکت کی۔

امیر حمزہ شنواری کے لئے ایصال ثواب معروف پاکستانی پختون شخصیات دعا مانگتے ہوئے۔

عزت ماب شیخ سلطان بن زاید النہیان نائب وزیر اعظم متحدہ عرب امارات۔

بنار ، حرب سلطان الیوسف سفیر پاکستان پی آئی اے کے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر کیساتھ افتتاحی پرواز کا کیک۔ کاٹتے ہوئے

اسلام آباد، لاہور سے ابوظہبی کے لیے پی آئی اے کی پرواز کی افتتاحی تقریب

تبصرہ محمد صدیق القادری

پاکستان کی قومی ایئرلائن پی آئی اے بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کو بہتر سے بہتر سفری سہولتیں مہیا کرنے کیلئے کوشاں ہے دنیا کے ساتھ روابط تجارتی تعلقات کے فروغ اور خصوصاً" پاکستانی کیمونٹی کے لئے پی آئی اے کی خدمات قابل رشک ہیں۔ میرے دو سال قبل دورہ امارات کے دوران ابوظہبی اور العین میں مقیم پاکستانیوں نے اپنے مسائل میں یہ مطالبہ کیا تھا کہ اسلام آباد اور لاہور سے براہ راست ابوظہبی کے لئے پروازیں شروع کی جائیں۔ ہمیں خود بھی اس امر کا تجربہ تھا کیونکہ ہماری ایک پریس ٹیم اسلام آباد سے براہ راست سفر کرنے کے بجائے پہلے کراچی اور پھر کراچی سے ابوظہبی پہنچی تھیں جس سے نہ صرف وقت کا ضیاع ہوا بلکہ پی آئی اے کی پرواز کئی گھنٹے لیٹ ہونے سے سفری ذہنی اذیت سے بھی گزرنا پڑا تھا۔ ابوظہبی اور العین میں مقیم پاکستانیوں کا مطالبہ بالکل جائز تھا راقم الحروف نے بھی یہ مطالبہ چیرمین پی آئی اے جناب ممتاز حمید کے ساتھ اپنی ایک ملاقات میں قابل توجہ قرار دیا تھا اور تجویز پیش کی تھی کہ چونکہ پاک امارات دوستی بے مثال ہے اس لئے اس دوستی کو مزید مستحکم کرنے کے لئے پاکستان کے وفاقی دارالحکومت سے ابوظہبی کیلئے اگر براہ راست ہوائی سروس شروع ہو جائے تو لاہور کے لوگوں کو بھی سہولتیں میسر ہو جائیں گی۔ پی آئی اے کے چیرمین نے اس تجویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے وعدہ کیا تھا کہ وہ جلد ابوظہبی اور العین میں مقیم پاکستانیوں کو پی آئی اے کی سفری سہولتوں کی فراہمی کے لئے قابل عمل پروگرام مرتب کروائیں گے۔ میرے حالیہ دورہ یو اے ای کے دوران پاکستان ایمبسی ابوظہبی میں متعین پریس قونصلر سید علی اکبر جن کا شمار میرے انتہائی قریبی دوستوں میں ہوتا ہے نے مجھے فون پر بتایا کہ پی آئی اے نے اسلام آباد لاہور سے ابوظہبی کے لئے براہ راست پروازیں شروع کر دی ہیں جس کی افتتاحی پرواز 169 مسافروں کو لے کر اسلام آباد لاہور سے براہ راست ابوظہبی کے لئے آئی رہی ہے میرے لئے خوشی کی انتہا نہ تھی کیونکہ پی آئی اے کی اس سہولت سے شمالی پاکستان کے مسافروں کو بھی سہولتیں میسر ہوں گی پی آئی اے کی افتتاحی پرواز میں پی آئی اے کے ڈپٹی مینجنگ ڈائریکٹر جناب خورشید انور، مینجر پبلک ریلیشن طارق اور پاکستانی صحافیوں کی ایک ٹیم جس میں اورنگ زیب، محمد ظاہر مزمل احمد، اور بخشی احمد وغیرہ شامل ہیں۔ سفیر پاکستان جناب منصور عالم، کیمونٹی ویلفیئر اتاشی حبیب الرحمان پریس قونصلر سید علی اکبر، پی آئی اے گلف ریجن کے مینجر ممتاز خان، مینجر ابوظہبی سلیم الطاف وغیرہ نے اس افتتاحی پرواز کا پرتپاک استقبال کیا مینجر ابوظہبی سلیم الطاف نے وفد میں شامل صحافیوں اور ابوظہبی کے مقامی صحافیوں کو ان کی صحت کے پیش نظر وزنی ڈبوں میں پیک کینو

پی آئی اے کی انتظامیہ کا آمرانہ، بداخلاقانہ رویّہ قومی ایئرلائن کے خسارے کا سبب ہے

بطور تحفہ پیش کئے۔

ابوظہبی سول ایوی ایشن کے چیرمین شیخ ہمدان بن مبارک النہیان نے اس تاریخی موقعہ پر اسلام آباد، لاہور اور ابوظہبی پی آئی اے کی پرواز کے اجراء کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان پروازوں کو دو برادر ملکوں کے دارالخلافوں کے مابین براہ راست فضائی رابطہ قرار دیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ابوظہبی سے اس براہ راست پرواز کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی دونوں ملکوں کی سول ایوی ایشن کے درمیان زیادہ تعاون فروغ پائیگا۔ پی آئی اے کے ڈپٹی چیرمین جناب خورشید انور نے شیخ ہمدان بن مبارک کے پرخلوص خیالات کا شکریہ ادا کیا۔ شیخ ہمدان بن مبارک نے اس موقعہ پر اظہار یکجہتی کے لئے خورشید انور کو ابوظہبی سول ایوی ایشن کا خوبصورت نشان پیش کیا۔ اس موقعہ پر تقریب میں پی آئی اے کے ڈپٹی چیرمین نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ آئندہ شیڈول میں کوشش کی جائیگی۔ بلکہ ان پروازوں کی ہفتہ وار تعداد سے بڑھا دی جائے گی بلکہ اور دائرہ پرواز پشاور تک بڑھا دیا جائے گا ایک سوال کے جواب میں ڈپٹی چیرمین پی آئی اے نے بتایا کہ اس وقت پی آئی اے روزانہ، ابوظہبی سے کراچی کیلئے چھ پروازیں چلا رہی ہے مزید برآں ہم نے اسلام آباد اور لاہور سے پرواز کا ٹائم دن کے وقت رکھا ہے۔ تاکہ مسافروں کو بہتر سے بہتر سہولت میسر رہے خورشید انور نے کہا پی آئی اے یو ای اور پاکستان کے مابین برادرنہ تعلقات کے فروغ میں ایک پل کی مانند کام کر رہی ہے اپنے مثبت تعمیری کردار پر ہی پی آئی اے کو فخر حاصل ہے۔

ایک اور سوال کے جواب میں خورشید انور صاحب نے بتایا یہ تاثر بالکل غلط ہے کہ پی آئی اے اندرون ملک اپنے مسافروں سے زیادہ کرایہ وصول کرتی ہے۔ انہوں نے بتایا پی آئی اے اندرون ملک پروازوں میں فی کلو میٹر بہت ہی کم کرایہ وصول کر رہی ہے جبکہ ہمارے ہمسایہ ملکوں بنگلہ دیش، انڈیا، سری لنکا میں ہمارے مقابلے میں کرایہ دوگنا ہے۔ ہم اپنے مسافروں کو ہر ممکن زیادہ سے زیادہ بہتر سے بہتر سہولت مہیا کرنے کا عزم رکھے ہوئے ہیں۔

مہمان خصوصی سفیر پاکستان نے پی آئی اے کے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے دارالحکومتوں کے درمیان فضائی رابطہ کو دونوں اسلامی دوست ملکوں کے لئے خوشگوار اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ پی آئی اے کے لئے یہ براہ راست پرواز بہت بڑا اعزاز ہے اس کے آغاز پر میں مبارک باد دیتا ہوں یہ سہولت مہیا کرنے پر میں پاکستان کیمونٹی کی طرف سے پی آئی اے کا شکریہ ادا کرتا ہوں پی آئی اے کو چاہئے کہ وہ پاکستانیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دے جو دوسری غیر ملکی فضائی کمپنیاں دے رہی ہیں کیونکہ یہاں پر مقیم زیادہ تر پاکستانی کم تنخواہ یافتہ ہیں یا پھر بڑی فیملیوں کے ساتھ سفر کرتے ہیں اگر آپ ان پاکستانیوں کو زیادہ سے زیادہ بہتر سہولتیں دیں گے تو یہ سب پاکستانی پی آئی اے سے سفر کرنے کو ترجیح دیں گے اور پی آئی اے کو ہی سفر میں خوش آمدید کہیں گے۔

سفیر پاکستان نے متحدہ عرب امارات سے صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان سے بھی زیادہ سے زیادہ براہ راست پروازیں شروع کرنے کا مشورہ دیا تاکہ اس خطہ کے لوگ بھی قومی ایئرلائن سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ابوظہبی میں پی آئی اے مینجر سلیم الطاف نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا اسلام آباد لاہور سے ابوظبی کے لئے براہ راست پرواز کا یہاں کے مقیم پاکستانیوں نے بڑی گرم جوشی سے خیر مقدم کیا ہے ہماری خواہش ہے کہ پی آئی اے کی طرف سے اپنے مسافروں کو ہر ممکن ذرائع سے بہتر سے بہتر سہولتیں فراہم کریں۔

لیبر ویلفیئر اتاشی حبیب الرحمان سپیکر قومی اسمبلی سید یوسف رضا گیلانی کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے۔

ممتاز نوجوان عرب صحافی [illegible] حمصی ایڈیٹر ابوظبی چیمبرز میگزین۔

پاکستان پیپلز عرب کلچرل سوسائٹی ابو ظہبی کی خوبصورت تقریب۔

پاکستان پیپلز عرب کلچرل سوسائٹی ابو ظہبی کے زیر اہتمام بھٹو شہید کی سالگرہ کی تقریب میں سرفراز احمد ملک زیڈ۔اے۔ بابر خطاب کر رہے ہیں

پاکستان پیپلز عرب کلچر سوسائٹی ابو ظہبی یہ ایک معروف عوام دوست فلاحی تنظیم ہے اس سوسائٹی کے روح رواں ابو ظہبی میں مقیم ممتاز پاکستانی سماجی شخصیت سرفراز احمد ملک ہیں۔

یہ سوسائٹی مختلف قومی تہواروں کو بڑے جوش و خروش سے مناتی ہے۔ عالم اسلام کے رجل عظیم شہید ذوالفقار علی بھٹو کی 66 ویں سالگرہ کے موضوع پر پاک پیپلز عرب کلچرل سوسائٹی نے ابو ظہبی میں ایک پروقار تقریب میں ایک بہت بڑا کیک کاٹا۔ اس موقعہ پر عہدیداروں نے شہید زندہ اے بھٹو کی قومی بین الاسلامی اور بین الاقوامی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس تقریب سے سرفراز احمد ملک نے خطاب کرتے ہوئے محترمہ بے نظیر کو شہید بھٹو کو حقیقی سیاسی وارث قرار دیا اور توقع کا اظہار کیا کہ وہ اپنے شہید باپ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مظلوم لوگوں کے حقوق کی آواز بلند کرتی رہیں گی۔

اس تقریب سے دوسرے عہدیداروں نے بھی خطاب کیا واضح رہے اس تقریب میں راقم الحروف (صدیق القادری) کو بھی خصوصی طور پر بلایا گیا تھا۔

ابو ظہبی کی نوجوان عرب شخصیت جناب سالم ہمدان العری ڈائریکٹر انفارمیشن ابو ظہبی چیمبرز۔

سفیر پاکستان ابو ظہبی میں مقیم ممتاز پاکستانی سرفراز احمد ملک کو کیمونٹی کی خدمات کے اعتراف میں شلیڈ دے رہے ہیں۔

پاکستانیوں کے بارے میں محب وطن تنظیم کے چیئرمین اور صدر نے کہا کہ العین میں زیادہ تر پاکستانی مزدور پیشہ ہیں ملازمتیں کرتے ہیں۔ پاکستانی سفارت خانہ ابوظہبی کو العین میں رہنے والے لوگوں کے جذبات اور خواہشات کا احترام کرنا چاہیے۔ پاکستان سنٹر العین کے فی الفور انتخابات کا انعقاد کرنا چاہئے۔ اس طرح پاکستان کیمونٹی میں جوش و خروش میں اضافہ ہوگا۔

العین میں پاکستانیوں کے اتحاد کیلئے سرگرداں حاجی محمد ابراہیم اور مسٹر آفریدی۔

پاکستانیوں کیساتھ پی۔ آئی اے کا قابل افسوس رویہ۔

محمد اقبال جوائنٹ سیکریٹری پاکستان سینٹر ابو ظہبی کی طرف صدیق القادری کے اعزاز میں دی گئی دعوت کے موقعہ پر

مرکز پاکستان ابوظہبی کے نو منتخب جوائنٹ سیکرٹری محمد اقبال خان آفریدی نو منتخب ایگزیکٹو ممبر حیات اللہ خان اور خان سید سماجی کارکن کے ساتھ ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ یو اے ای میں پندرہ سالوں سے زیادہ عرصہ سے عزت احترام سے رہ رہے ہیں۔ تمام پاکستانی شیخ زاید بن سلطان النہیان صدر متحدہ عرب امارات کے شکر گزار ہیں اور ان کو دل کی گہرائیوں سے دعائیں دیتے ہیں۔ جن کی مہربانیوں کی وجہ سے وہ باعزت روزگار کما رہے ہیں پختونوں کی ممتاز سماجی شخصیات نے پشتو فلموں پر زبردست نقطہ چینی کی اور کہا کہ جو ثقافت اس میں دیکھائی جاتی ہے اس کا پاکستانی ثقافت سے دور کا بھی کوئی واسطہ نہیں ہے پاکستانی سنسر بورڈ کو ایسی فلموں کی روک تھام کیلئے اقدامات کرنے چاہیے تاکہ پاکستانی ثقافت کو صحیح معنوں میں دنیا کے سامنے پیش کیا جاسکے۔

قومی ایر لائن پی آئی اے کی کارکردگی کے بارے میں انہوں نے دوران گفتگو کہا کہ پی آئی اے کا رویہ پاکستانی اور خصوصا صوبہ سرحد کے پٹھانوں کے ساتھ ہتک آمیز ہوتا ہے سفارش کے بغیر پی آئی اے میں کوئی کام نہیں چلتا۔ ان شخصیات نے مطالبہ کیا کہ العین ابوظہبی سے براہ راست پشاور کیلئے پروازیں شروع کریں اکثر بذریعہ کراچی لاہور اسلام آباد پرواز ہونے کی وجہ سے پشاور کے مسافروں کا سامان راستے میں رہ جانے سے بہت زیادہ پریشانی اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

العین مرکز پاکستان کلچرل و سوشل سنٹر کے موجودہ صدر
قومی خدمت سے سرشار شخصیت

انیس احمد سلطان کے ساتھ گفتگو

العین پاکستان سوشل کلچر سینٹر کے صدر ڈاکٹر انیس سلطان جنرل سیکریٹری رمضان علی عباسی' پاکستان سے آئے ہوئے ممتاز صحافی صدیق القادری کے ہمراہ۔

العین امارات میں خوبصورت باغوں کا شہر ہے ابوظہبی سے 160 کلومیٹر پر واقع ہے یہاں ایک لاکھ سے زائد پاکستانی ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کے لئے شب و روز انتھک محنت کر کے روزی کما رہے ہیں یہاں کے پاکستانیوں کی پاکستان کیلئے بے پناہ محبت ہے زیادہ تر پاکستانی لیبر کلاس ہیں لیکن ان کا جذبہ حب الوطنی قابل رشک ہے پاکستان کیلئے اپنا سب کچھ نچھاور کرنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں

العین میں مختصر دورے کے دوران راقم کو پاکستان سنٹر العین دیکھنے کا موقعہ ملا وہاں پاکستانیوں اور سنٹر کے عہدیدار سے بات چیت کا موقعہ حاصل ہوا۔

العین میں مقیم لیبر طبقہ پاکستانیوں کا جذبہ حب الوطنی انتہائی قومی سوچ دیکھ کر راقم کو انتہائی مسرت ہوئی محنت مزدوری کرنے والے پاکستانیوں نے اپنی خون پسینے کی محنت کے فنڈز اکٹھے کرکے العین میں قابل دید خوبصورت سنٹر تعمیر کیا ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔

اس سنٹر میں پاکستانی اپنے برادر اسلامی ملک یو اے ای میں بھی اپنی اجتماعی' فلاحی سماجی ' ادبی ' مذہبی ' ثقافتی روایات کو برقرار رکھے ہوئے ہیں یہاں سنٹر میں ممبران کی تعداد بھی ابوظہبی دوبئی شارجہ کے سنٹرز سے زیادہ ہے۔

اس سنٹر کے مندرجہ ذیل عہدیدار ہیں صدر ڈاکٹر انیس سلطان' سینئرنائب صدر سلیم محمد خان بنگش' جونیر نائب صدر محمد اشرف چوہدری' جنرل سیکرٹری محمد رمضان عباسی' جوائنٹ سیکرٹری محمد الیاس بٹ' فنانس سیکرٹری حفیظ الرحمٰن' سیکرٹری اطلاعات نقیب اللہ خاورین' انٹرنیشنل سیکرٹری محمد اسلم' سپورٹس سیکرٹری اختر علی' کلچر سیکرٹری محمود شینواری اور ایگزیکٹو باڈی کے ممبران حاجی محمد اقبال' محمد اشرف شاہ' محمد اکرام' افتخار احمد' حمزہ محمود شامل ہیں۔

پاکستان سنٹر العین کے صدر ڈاکٹر انیس احمد سلطان ایک نہایت مخلص اور بے لوث شخصیت ہیں آپ درد دل رکھنے والے محب وطن پاکستانی ہیں کیمونٹی کے ویلفیر کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ کیمونٹی کیلئے ان کی خدمات قابل تحسین ہیں آپ کا تعلق پاکستان اٹک سے ہے۔ 1971ء سے ابو ظہبی پھر 1973ء سے العین میں اپنے فرائض انتہائی

پاکستان سینٹر العین کے سپورٹس کلب میں صدیق القادری العین میں مقیم پاکستانیوں کے ہمراہ۔

ذمہ داری اور خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہے ہیں۔ 1991ء سے 1992ء اور 1993ء سے 1994ء مسلسل سنٹر کے صدر چلے آرہے ہیں انہوں نے پاکستان سنٹر العین کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کہا العین سنٹر میں پاکستانی ممبران کی تعداد 2400 سے 2600 کے درمیان ہے ہر نئے ممبر کیلئے رجسٹریشن فیس 20 درہم اور سالانہ ممبر شپ فیس 100 درہم ہے اس آمدنی کو ہم پاکستانی کیمونٹی کے اجتماعی مفاد کے علاوہ ممبران کی ویلفیر پر خرچ کرتے ہیں۔

العین پاکستانیوں کے کلچر کی عکاسی کرتا ہے۔

مثال کے طور پر پاکستان سنٹر العین کے ہر ممبر کی اجتماعی انشورنس 25000 ہزار درہم ہے خدانخواستہ اگر کسی ممبر کی وفات ہو جائے تو یہ رقم پاکستان سنٹر کی وساطت سے اس کے ورثاء کو مل جاتی ہے۔ اس اہم سہولت کے لئے پاکستان سنٹر ہر سال ممبر کے 100 درہم سالانہ فیس میں سے 48 درہم فی کس انشورنس ادا کرتا ہے سنٹر کے ہر ممبر کو پی آئی اے 9 فی صد رعائت دیتی ہے یہ ممبر کو اسلام آباد لاہور پشاور کے لئے 20 کلو گرام کی بجائے 40 کلو گرام فری لے جانے کی سہولت حاصل ہے۔

پاکستان العین میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے مسائل پر توجہ دے۔

ایسے ممبران جو کم تنخواہ کی بنا پر پاکستان سکول میں زیر تعلیم بچوں کی فیس ادا نہیں کر سکتے پاکستان سنٹر ایسے بچوں کی فیس کی ادائیگی کے لئے 35 ہزار درہم فراہم کرتا ہے۔ پاکستان سنٹر کی لائبریری کے لئے کمپیوٹر سسٹم کے لئے 10 ہزار درہم خرچ کئے اس سال 60 ہزار درہم سکول کو ڈونیشن دی۔ الغزنہ میں سکول کی تعمیر شروع کی اس کی امداد کے لئے 10 ہزار درہم فراہم کئے اس کے علاوہ عمران خان کے شوکت خانم میموریل کینسر ہاسپٹل لاہور کے لئے ایک ملین پاک روپے صرف 5 روز کے نوٹس میں خطیر ڈونیشن دی۔ اس خطیر عطیے میں پاکستانی بزنس مین زاید نے تین لاکھ روپے مختار قریشی نے دو لاکھ پچاس ہزار روپے سنٹر کو بطور عطیہ برائے عمران خان دیئے۔

پاکستان کیمونٹی کی اجتماعی سرگرمیوں کے بارے میں سنٹر کے صدر نے بتایا مریض پاکستان سنٹر میں پاکستانی اپنے مذہبی' ادبی' ثقافتی' اجتماعی تہوار اور دونوں برادر ملکوں کے قومی دن بڑے جوش و خروش اور بھرپور جذبے کے ساتھ مناتے ہیں۔ ہر سال اپریل کے آخر میں پاکستان سنٹر العین کے زیر اہتمام سالانہ میلہ ہوتا ہے جس میں پاکستانی بزنس مینوں کو پاکستانی مصنوعات کو متعارف کرانے کے لئے دعوت دی جاتی ہے اس میلہ میں لاکھوں لوگ شرکت کرتے ہیں جس میں پاکستانیوں کے علاوہ لوکل عرب اور دیگر کیمونٹی کے لوگ بھی شوق در شوق آتے ہیں۔ اس مینا بازار اور قومی میلہ کی خطیر آمدن ہوتی ہے اس آمدن سے خوبصورت دیدہ زیب مسجد بنائی جا رہی ہے جس پر سات لاکھ درہم لاگت آئے گی اس کے علاوہ پاکستان سنٹر میں خوبصورت گراؤنڈ بھی تعمیر کر رہے ہیں اس میں صبح سکول کے بچے کھیلیں گے شام کو سنٹر کے ممبران کھیلیں گے۔

کیمونٹی پرابلم کے بارے العین پاکستان سنٹر کے صدر نے میں بتایا ہمارے پاکستانیوں کا یہاں سب سے بڑا پرابلم ایجوکیشن کا ہے ہمارے لوگ زیادہ تر ان پڑھ ہوتے ہیں جس کی وجہ سے عربی اور انگلش سے نابلد ہوتے ہیں لیبر کلاس لوگوں کے لئے زبان بہت بڑا مسئلہ بن جاتی ہے جب کہ سومالیہ' افریقہ' سوڈان دیگر ممالک کے لوگ یہاں عربی سیکھ کر آتے ہیں ہمارے عربوں ملکوں کے ساتھ اپنے قریبی تعلق ہونے کے باوجود ہمارے لوگ عربی نہیں بولتے۔بین الاقوامی تبدیلیوں کو محسوس کرتے ہوئے ضرورت اس بات کی ہے۔ پاکستان کی حکومت بیرون ملک بھیجی جانے والی افرادی قوت کی اہلیت و صلاحیت کو بہتر بنانے کے لئے جامع منصوبہ بندی کرے ٹیکنیکل تعلیم کو عام اور میٹرک تک لازمی قرار دے دیا جائے عرب ممالک میں آنے والی افرادی قوت کے لئے کم از کم تین ماہ کا کورس عربی زبان سیکھنے کا کرایا جائے تاکہ ہماری لیبر یہاں کے ماحول اور حالات کے مطابق فٹ ہو کر ملک و قوم کو خطیر زر مبادلہ بھیج سکے۔ اور قومی مفادات کا تحفظ کر سکے۔

ڈاکٹر انیس احمد نے العین کے حکمران ہز ہائی نیس شیخ سعید بن تہنون النہیان کی پاکستان کیمونٹی کے لئے گرانقدر خدمات پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور کہا العین میں بسنے والے پاکستانی دل کی گہرائیوں سے العین کے قابل ہر دلعزیز حکمران کا احترام کرتے ہیں۔

پاکستانی مصنوعات کے فروغ کے بارے میں ڈاکٹر انیس نے بتایا پاکستان نے مختلف شعبوں میں بے شمار ترقی کی ہے پاکستانی مصنوعات کو دنیا کے جدید ترقی یافتہ ملکوں میں پذیرائی حاصل ہے یہاں مڈل ایسٹ میں بھی پاکستانی مصنوعات کو بے حد پسند کیا جاتا ہے۔

نئے پاکستانی بزنس مینوں کو یہاں کیلئے گائیڈ نہیں کی جاتی ہمارے بزنس مین ایک ہی دفعہ منافع کما کر راتوں رات امیر بنا چاہتے ہیں کوالٹی کے اعلیٰ معیار اور اچھی پیکنگ پر کوئی توجہ نہیں جس کی وجہ سے پاکستانی مصنوعات کو ریٹ کے لحاظ سے نقصان پہنچ رہا ہے حالانکہ پاکستانی مصنوعات کو حاصل کرنے کے لئے لوگ ترستے ہیں۔ بدقسمتی یہ ہے کہ گلف کی اس مارکیٹ میں پاکستانی اشیاء مختلف ملکوں کے لیبل لگا کر فروخت کی جاتی ہے پاکستان بزنس کونسل دوبئی کی پاکستانی مصنوعات کے فروغ کے لئے کارکردگی پر شدید نکتہ چینی کرتے ہوئے ڈاکٹر انیس سلطان نے کہا یہ صرف ڈیننگ سوسائٹی ہے جس کے پلیٹ فارم کو بعض موقعہ پرست لوگ ذاتی مفادات اور پی آر بنانے کے لئے استعمال کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر انیس سلطان نے کہادوبئی جیسی بین الاقوامی ٹریڈ پلیس پر پاکستانی مصنوعات کو متعارف کرانے کے لئے خاطر خواہ کام کیے جا سکتے ہیں اس سلسلہ میں کمرشل اتاشی جناب عابد اکبر صاحب کو چاہیے کہ وہ ادارہ فروغ برآمدات کے تعاون سے دوبئی میں ایسا فعال ادارہ قائم کریں پاکستان کمرشل سنٹر کے نام سے نمائش گاہ سیل سنٹر قائم کرائیں تاکہ لوگوں کو پاکستانی مصنوعات سے آگاہی حاصل ہو۔

ڈاکٹر انیس سلطان نے کہا موجودہ کمرشل اتاشی انتہائی باصلاحیت متحرک سفارت کار محب وطن شخصیت ہیں ان کی کوششوں سے امارات اور پاکستان کے مابین تجارتی تعلقات میں گرم جوشی پیدا ہوئی ہے انہی کی کوششوں سے بعض موقع پرستوں' خوشامدیوں' کیمونٹی کے نام نہاد خیر خواہوں سے کمرشل سیکشن صاف ہو گیا ہے۔ یہاں ملی بھگت کی بجائے صرف پاکستان کے اجتماعی مفادات کے مطابق تجارتی تعلقات کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ یہ قابل ذکر تبدیلی پاکستان بزنس کیمونٹی کے اجتماعی مفاد میں ہے ڈاکٹر انیس نے سفیر پاکستان اور ویلفیئر اتاشی ابوظہبی جناب حبیب الرحمٰن اور پریس قونصلیٹ علی اکبر کی بھی پاکستان کیمونٹی کے لئے خدمات کی تعریف کی اور کہا ان کی کوششوں سے العین میں پاکستان کیمونٹی کے لئے قابل ذکر کام ہوئے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر انیس نے کہا ہمارا سنٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے انڈر کام کرتا ہے ان کی ہدائت کے مطابق العین سنٹر کے انتخابات جنوری 1995ء میں ہوں گے۔

Some of the leading names in shipping have anchored at

Siamco

Siamco

Siamco - the specialists in all types of marine engineering offers:

- REPAIRS TO HULL PIPELINES DERRICKS • WINCHES • ULTRASONIC TESTING OF HULL • SANDBLASTING • PAINTING OF DECK AND HULL
- UNDERWATER CLEANING OF HULL INTERNAL CLEANING OF TANKS.
- MARINE REPAIRS TO ENGINES • GENERATORS • ALTERNATORS
- TURBOCHARGERS • WINCHES • CRANES PUMPS • SHAFTS
- CRANKSHAFT GRINDING • PANEL BOARDS • SWITCHGEAR INSTALLATION DESIGNING AND REPAIRING • CABLING & WIRING • DYNAMIC BALANCING OF IMPELLERS & ROTORS.
- REWINDING OF ALL TYPES OF AC & DC ELECTRIC MOTORS, GENERATORS, ALTERNATORS, TRANSFORMERS, ETC. FROM FRACTIONAL TO 1000 KW.
- MARINE REFRIGERATION & AC REPAIRING • FREEZER CONTAINERS, REEFER BOXES • COLD STORAGES • REPAIRING.
- SUPPLY OF ALL KINDS OF REFRIGERANT GASES • REFILLING OF OLD CYLINDERS • SPECIAL SUPPLIES OF 110V 60 CYCLES ELECTRICAL APPLIANCES LIKE REFRIGERATORS, AIRCONDITIONERS, WASHING MACHINES ETC. FOR VESSELS AND RIGS.

SIAMCO ENGINEERING CO.

P.O. Box 2653 Dubai - U.A.E.
Tel: 851553-281432,
Fax: 851986-274869
Tlx: 46387 SIAMCO EM
VHF CALLING CODE "SIAMCO"

ISES
Member
INTERNATIONAL SHIP ELECTRIC SERVICE ASSOCIATION

عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم وزیر اعظم متحدہ عرب امارات۔ حاکم دوبئی

محب وطن، ذمہ دار، فرض شناس، دیانتدار اور پاکستانی سفارت کار

جناب امجد مجید عباسی قائم مقام قونصلیٹ جنرل دوبئی سے

ایڈیٹر انچیف صدیق القادری کا انٹرویو

آپ کی شبانہ روز محنت کے نتیجہ میں پاکستانی کمیونٹی کے مسائل میں خاصی کمی آئی ہے اور آپ کی توجہ کی بدولت یو اے ای میں مقیم پاکستانیوں کی اجتماعی قومی سوچ کے زاویے درکشاں ہوتے جا رہے ہیں۔ آپ کی یہاں پر تعیناتی کے بعد قونصلیٹ آفس میں انقلابی قسم کے اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں جس سے پاکستانی کمیونٹی کے نام نہاد ٹھیکداروں' ٹاؤٹوں ویزا ایجنٹوں' کالی بھیڑوں' موقعہ پرستوں اور منافقوں کے اس آفس میں داخلے بند ہو گئے ہیں اب پاکستانی خوش ہیں اور ان کے مسائل آسانی سے حل ہو رہے ہیں پاکستانی کمیونٹی کو نام کو بیچنے والوں کا دھندہ ختم ہوگیا ہے۔

امجد عباسی نے مجھے (صدیق القاداری) اپنے ساتھ ایک ملاقات میں بتایا .کہ دیار غیر میں پاکستانیوں کیلئے سب سے بڑا

قونصلیٹ جنرل کے فرائض انتہائی ذمہ داری اور فرض شناسی سے سرانجام دے رہے ہیں آپ ایک قابل اور محب وطن پاکستانی سفارت کار ہیں قومی مفادات کے جذبہ سے سرشار پاک یو اے ای دوستی کا عملی فروغ آپ کے ایمان کا جز ہے۔ آپ کے دروازے ہر خاص و عام کیلئے کھلے ہیں

دوبئی میں تعینات قائم مقام پاکستان قونصلیٹ جنرل دوبئی امجد مجید کا اسلام آباد کے قریب واقع گاؤں کروڑ KAROR سے تعلق ہے آپ کے والد آرمی آفیسر تھے کروڑ کا یہ خاندان اپنی حب الوطنی دینداری اور کردار کی پختگی کے اعتبار سے جانا پہچانا ہے 1973ء میں آپ نے آرمی میں کمیشن حاصل کیا 1975ء میں پاس آؤٹ ہوئے آرمی سروس کے دوران مختلف جگہوں پر سروس کی۔ آرمی سے 1981ء میں فارن سروس میں آگئے تین سال اسلام آباد رہے پھر عربی زبان کے کورس کیلئے قاھرہ چلے گئے وہاں سے واپسی کے بعد تین سال اسلام آباد ہیڈ کوارٹر میں رہے پھر تیونس میں بطور تھرڈ سیکرٹری متعین ہوئے اس کے بعد تیونس سے واپس آگئے اور پھر وہ دوبئی میں بحیثیت قونصلر تعینات کئے گئے نومبر 1993 سے دوبئی میں قائم مقام

جناب امجد مجید عباسی قائمقام قونصلیٹ جنرل دوبئی' شیخ آفتاب وائس قونصلر' دوبئی پاکستانی صحافی صدیق القادری کے ہمراہ۔

دیا جاتا اس وقت تک پاکستانی قومی سوچ کو آگے بڑھانا بہت مشکل ہے اس سلسلے میں اور سیز پاکستانیز کی منسٹری اور سیز پاکستانی فاؤنڈیشن پر بہت زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں ان کو چاہئے کہ ایسی اسکیمیں شروع کریں جن سے قومی جذبات اور حب الوطنی کو فروغ ملے اور اجتماعی سوچ کا جذبہ پروان چڑھے۔

اس سوال کے جواب میں کہ پاکستانی کمیونٹی کے معروف لوگوں نے پاکستانیوں کی بجائے دیگر ملکوں کے لوگوں کو

حکومت کو بیرون ممالک میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کیلئے ذلت باعث بننے والے عناصر کیخلاف ایکشن لینا چاہیئے

مسئلہ اسکا اپنا بھائی ہے یعنی یہ پاکستانی ہی ہے جو ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچتے ہیں جبکہ دیگر ملکوں کی کمیونٹیز آپس میں تعاون رکھتی ہیں اور ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اپنے آدمیوں کو غیر ممالک میں حتی الوسع زیادہ سی زیادہ ایڈ جسٹ کرائیں

اسکی ایک مثال تقریباً" دو ماہ قبل دوبئی کے ایک لوکل بنک کے پاکستانی جنرل منیجر نے اپنے ہم زلف کو اپنے بنک سے اسلئے نکال دیا کہ ان کے درمیان خاندانی جھگڑا چلا آ رہا تھا یوں ایک پاکستانی جو دوبئی کے حلقوں میں اچھا خاصا بااثر تھا ایک پاکستانی ہی کی وجہ سے پاکستانی دوبئی چھوڑنے پر مجبور ہوگیا۔

پاکستانی کمیونٹی میں جذبہ حب الوطنی اور اجتماعی سوچ کے فقدان کے سوال پر امجد مجید عباسی نے کہا کہ جب تک حب الوطنی کے والہانہ تصورات اور اجتماعی قومی سوچ کے جذبات کو فروغ نہیں

اپنے ہاں ملازم کیوں رکھا ہے۔ امجد عباسی نے کہا کہ حکومت پاکستان اور پاکستانی کمیونٹی کا فرض ہے کہ وہ اس روش کی حوصلہ شکنی کرے ایسے پاکستانی کو جو صرف پاکستانی ایمپلائز رکھتا ہے اسکی مختلف اسکیموں کے ذریعے حوصلہ افزائی کی جائے بلکہ پاکستان

کمیونٹی کے عہدیداروں کیلئے لازمی شرط رکھ دی جائے کہ پاکستان کمیونٹی کیلئے صرف وہی نمائندگی کر سکے گا۔ جسکے اپنے آفس اور فیکٹری میں سو فیصد پاکستانی ملازم ہوں گے ایگزیکٹو باڈی کی ممبران بھی وہی افراد چنے جائیں گے انہوں نے کہا کہ حکومت اور منسٹری آف مین پاور اور سیز پاکستانی کے ان

کراچی سے رکن قومی اسمبلی عبدالعزیز میمن کے اعزاز میں دوبئی میں دیئے گئے استقبالیہ میں قائمقام قونصلیٹ جنرل امجد مجید عباسی' ممتاز تاجر حاجی محمد اقبال' حاجی ابوبکر قاسم اور حاجی غلام نبی سیکریٹری جنرل پاکستان ایسوسی ایشن دوبئی کا گروپ فوٹو۔

اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کو بیرون ممالک میں مقیم پاکستانیوں میں قومی جذبہ حب الوطنی اجتماعی قومی سوچ کو پروان چڑھانے کے لیے اسکیمیں شروع کرنی چاہئے

اقدامات سے مطلوبہ نتائج حاصل ہو سکیں گے انہوں نے افسوسناک لہجے میں بتایا کہ ایک نامور اور معروف پاکستانی صرف دوسو درہم بچانے کی خاطر پاکستانیوں کی بجائے دوسروں (انڈینز) کو ملازمت دے دیتا ہے جبکہ پرسنل سٹاف میں غیر ملکی لڑکیوں کو رکھا جاتا ہے یہ بات کسی بھی لحاظ سے قابل فخر نہیں۔

آپ نے کہا کہ دوبئی تجارت کے میدان میں ایک عالمی منڈی بن چکا ہے یہاں آئے دن صنعتی اور تجارتی نمائشیں لگتی رہتی ہیں لیکن پاکستانی اس فیلڈ میں بھی انتہائی کمزور اور بے بس واقع ہوئے ہیں شاید انہیں اپنے اوپر اور اپنی مصنوعات پر اعتماد نہیں رہا۔ ہمارے بزنس مین کے اندر یہ ایک بہت بڑی خرابی ہے کہ وہ راتوں رات کروڑ پتی بننے کا خواب دیکھتا ہے اس سے نہ صرف بزنس مین خود نقصان اٹھاتا ہے بلکہ پاکستان کی بزنس کمیونٹی کی پوزیشن بھی خراب ہوتی ہے امجد مجید عباسی نے مزید بتایا دوبئی میں چند ایک قابل ذکر پاکستانی ہیں جنہوں نے لگن محنت اور دیانت سے اپنے کاروبار کو ESABLISH کیا ہے اور اس سلسلہ میں انہوں نے اپنے ملک کا نام روشن کیا ہے لیکن ان کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے جب تک یہ پاکستانی بزنس مین فعال اور متحرک قومی سوچ کا ثبوت نہ دیں گے دوبئی کے تیز رفتار بزنس پوائنٹ پر جگہ حاصل نہ کرپائیں گے

قائم مقام قونصلیٹ جنرل نے کہا ہمارے نئے کمرشل قونصلر عابد جاوید اکبر نے بڑی محنت سے ایک خصوصی رپورٹ حکومت پاکستان کو بھیجی ہے جسکی روشنی میں حکومت پاکستان نے فوری طور پر سیکنڈ ہینڈ گاڑیوں کی امپورٹ پر پابندی لگا دی ہے تاکہ ملک کا قیمتی زرمبادلہ بچایا جا سکے مسٹر امجد عباسی نے کہا کہ عابد جاوید کمرشل قونصلر بڑی محنت اور تندہی سے کام کر رہے ہیں مجھے توقع ہے کہ ان کے اقدامات اور کوششوں کی وجہ سے پاکستان بزنس فیلڈ میں اچھی خاصی کامیابیاں حاصل کرے گا۔

قومی مفادات کے لیے اوورسیز پاکستانیز کا وزارت خارجہ میں خصوصی سیل قائم کیا جائے!

پاکستان میں ایڈز کے مریضوں کے اضافہ کی روک تھام اور حکومتی اقدامات کے سوال پر انہوں نے بتایا کہ ایک حد تک انسدادی اقدامات تو حکومت کر رہی ہے جس میں ایڈز کے خطرناک اثرات سے بچاؤ کیلئے قومی ایڈز پروگرام ہے۔ جس میں ایئر پورٹ پر ایڈز ٹیسٹ وغیرہ شامل ہے تاہم حکومت پاکستان کو بیرون ملک اپنے سفارت خانوں کو پابند کرنا چاہیے کہ ایڈز کے پاکستانی مریضوں کے بارے میں امیگریشن اور وزارت صحت کو مطلع کریں۔ چونکہ خلیج کے ممالک پاکستان کے ساتھ ملحق ہیں اور برادرانہ تعلقات کے بندھن میں بندھے ہوتے ہیں اس لئے ان ممالک سے استدعا کی جائے کہ وہ ایڈز کے پاکستانی مریضوں کے بارے میں متعلقہ پاکستانی سفارت خانہ یا قونصلیٹ کو مطلع کریں مڈل ایسٹ میں پاکستان سے آنے والے خوبصورت لڑکیوں کے طائفے ہیں ان ثقافتی طوئفوں پر فوراً پابندی لگنی چاہیے اور ایسے گھناؤنے کاروبار کرنے والے بے غیرت بدکردار دلالوں اور منتظمین کے خلاف فوراً ایکشن لینا چاہئے انہوں نے کہا کہ ہوس زر کی خاطر ان بے غیرتوں کے ٹولوں کو پاکستان میں بعض بااثر لوگوں کی پشت پناہی حاصل ہے اگر اس "کنجر خانے" پر پابندی نہ لگی تو یہ طائفے پاکستان میں ایڈز پھیلاتے رہیں گے۔

پاکستان کمیونٹی کے مسائل کے ضمن میں مسٹر امجد عباسی نے بتایا کہ پاکستانی کمیونٹی کو قونصلیٹ جنرل آفس دوبئی میں پاسپورٹ کے حصول وغیرہ اور اپنے ذاتی مسائل بچوں کی ایجوکیشن' لیبر کے ساتھ ناانصافیوں کے حل کے سلسلے میں آنا پڑتا ہے میرے آفس کی طرف سے پاکستانیوں کیلئے تمام سہولتیں میسر ہیں بعض دیگر مسائل کے حل کیلئے ذاتی طور پر دلچسپی لے رہا ہوں تاکہ پاکستانی اپنے قونصلیٹ آفس اور سفارت خانے کی کارکردگی پر فخر کر سکیں پھر بھی کسی پاکستانی کو دوبئی قونصلیٹ کے کسی بھی اہل کار یا عملہ سے کوئی شکایات ہو تو میں دعوت عام دیتا ہوں وہ آئیں اپنی شکایت بتائیں۔ وہ آئیں مجھے کرپٹ راشی افسر کے بارے میں بتائیں۔ میں ان کے مسائل اور شکایات کے ازالہ کیلئے ہر قسم کی کاروائی کرنے پر تیار ہوں

دوبئی کی ممتاز پاکستانی محب وطن لیڈر شخصیت محمد صدیق چوہدری

صدر پاکستان سنٹر دوستی کی دلیرانہ گفتگو!

چوہدری محمد صدیق کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں آپ انتہائی ملنسار' روشن ضمیر صاف گو۔ ملک و ملت کے جذبے سے سرشار بے لوث انسان ہیں۔ متعدد فلاحی سماجی' مذہبی اور سیاسی تنظیموں کی معاونت کرتے ہیں اسی وجہ سے آپ کے علاقے سیالکوٹ اور دوبئی میں رہنے والے لوگ انتہائی عزت و کرم سے دیکھتے ہیں۔ آپ نے وہاں کے مسلم لیگی حلقوں میں ایک خاص مقام حاصل کر رکھا ہے آپ دوبئی میں پاکستان ایسوسی ایشن کے صدر اور پاکستانی کیمونٹی کے ہر دلعزیز مقبول راہنما ہیں۔



آپ سیالکوٹ کے ایک متوسط گھرانے میں پیدا ہوئے 1971ء سے دوبئی میں ہی ہیں۔ انجینئرنگ کمپنی سیاکو کے چیرمین ہیں اور آجکل ان کا شمار دوبئی کی ممتاز کاروباری شخصیات میں ہوتا ہے۔ اپنے علاقے کے رفاہی اور فلاحی کاموں میں بھرپور حصہ لیتے ہیں۔ علاقہ کی کئی سماجی' مذہبی سیاسی تنظیموں کے سرپرست اور چیرمین ہیں دوبئی میں رہتے ہوتے ہوئے بھی ان کا اپنے علاقے کے لوگوں سے براہ راست رابطہ ہے۔ لوگوں کی غمی اور خوشی میں برابر شریک ہوتے ہیں آپ نے علاقے کی بہتری کیلئے دو مرتبہ صوبائی اور قومی اسمبلی کیلئے الیکشن میں حصہ لیا۔ چوہدری محمد صدیق صاحب نے مسلم لیگ کی طرف سے ٹکٹ نہ ملنے کے متعلق فرمایا کہ بلاشبہ ہے وہ مسلم لیگی ہیں مگر ان کے خلاف پروپگنڈا اتنا کیا گیا کہ وہ ٹکٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے حالانکہ ملک سے باہر رہنے والے پاکستان کے ہمدرد اور لوگوں کے کام آنے والے انسان ہیں۔

چوہدری محمد صدیق نے موجودہ نظام کے مقابلے میں اپنی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ جب الیکشن کا اعلان کیا جائے تو بینرز۔ پوسٹر یا جلسے جلوسوں کی بجائے امیدواروں کو ریڈیو

اور ٹی وی پر موقع فراہم کیا جائے۔ اس طرح مہذب طریقہ سے الیکشن ہونگے۔

پاکستان ایسوسی ایشن دوبئی کے بارے میں انہوں نے بتایا کہ عنقریب نئے الیکشن ہوں گے جس میں وہ امیدوار نہیں ہوں گے ان کی خواہش ہے کہ نئے لوگ آئیں اور کیمونٹی کی خدمت کریں۔ پاکستان بزنس کونسل اور پاکستان ایسوسی ایشن کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے دوبئی کے ہر دلعزیز پاکستانی محمد صدیق نے کہا کہ دوبئی کی پاکستانی کیمونٹی کا اصل فورم پاکستان ایسوسی ایشن دوبئی ہے۔ حکومت دوبئی کے ہاں رجسٹرڈ صرف پاکستان ایسوسی ایشن ہے پاکستان بزنس کونسل اس ایسوسی ایشن کی ایک برانچ ہے جس کا مقصد پاکستان ایسوسی ایشن کے ممبران کے بزنس کے متعلقہ مسائل کو حل کرنے کی تگ و دو ہے۔

انہوں نے کہا کہ بحیثیت چیرمین پاکستان ایسوسی ایشن وہ سمجھتے ہیں کہ بزنس کونسل کو ایسوسی ایشن کے اندر رہ کر کام چاہئے۔ نہ کہ اس کو علیحدہ حیثیت دی جائے اسطرح اگر انہوں نے کام کیا تو ایسا کرنے سے پاکستان ایسوسی ایشن اور پاکستان کیمونٹی کے مشترکہ مفادات کو اس کی علیحدہ حیثیت کی وجہ سے نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ بہتری اسی میں ہے کہ بزنس کونسل کو صرف پاکستان ایسوسی ایشن کی ایک برانچ تک محدود رکھا جائے۔

پاکستانی سماجی دانشور شخصیت سلیم کاشمیری کی باتیں

سلیم کاشمیری کا نام بھٹو کے بہی خواہوں وفاداروں اور شیدائیوں میں لیا جاتا ہے۔ آپ ایک مخلص بے لوث سچے کھرے اور نڈر انسان ہیں آپ کا تعلق مری پنجاب سے ہے۔ کراچی سے گریجوایشن کرنے کے بعد 1976 سے دوبئی میں ہیں پیپلز پارٹی کے بیشتر وزراء اور رہنما ان کے ہاں مہمان رہ چکے ہیں اکثر وزراء ان کے ذاتی دوستوں اور خیر خواہوں میں سے ہیں سلیم کاشمیری ان دنوں ایتھوپیا ائرلائن میں کارگو مینیجر ہیں۔ آپ نے آفتاب شعبان میرانی' سید قائم علی شاہ' جہانگیر بدر' میر مرتضیٰ بھٹو' طارق علی اور منظور شاہ سے بھی ملاقاتیں کیں۔

جب ان سے دوبئی میں پاکستان کیمونٹی ویلفیئر اتاشی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ وہاں دوبئی قونصلیت پر تو محب وطن اور سچ بولنے والے لوگوں کے داخلے پر پابندی ہے لیبر اتاشی دوبئی الطاف چشتی کا کردار یہ ہے کہ موصوف پی آئی اے کی طرف سے سعودی عرب میں رشوت لے کر [illegible] کے جرم میں سعودی عرب کی جیل کاٹ چکے ہیں یہاں بھی موصوف نے رشوت بازار گرم کر رکھا ہے پہلے تو نواز شریف کا نام سامنے رکھ کر رشوت لیتے تھے۔ اب فاروق لغاری کا نام لے کر رشوت لیتے ہیں شارجہ میں ان کے ذاتی شوروم ہیں یہ لوٹا بن کر کیمونٹی کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ

رہے ہیں سلیم کاشمیری نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پاکستانیوں کو کسی صورت بھی بے نظیر بھٹو کو گالیاں دینے والا لیبر اتاشی منظور نہیں ہے انہوں نے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس امیر ترین لیبر اتاشی کے اثاثوں کی چھان بین ہونی چاہیے انہیں عہدے سے نکال باہر کیا جانا چاہیے اور اس کے لئے صرف غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہیے انہوں نے صدر فاروق لغاری اور وزیر اعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ دوبئی قونصلیٹ جنرل آفس میں ہونے والی بے قاعدگیوں کی فوری طور پر تحقیقات کروائیں اور جو لوگ راشی ہیں اور ملک کے مفادات کے خلاف کام کر رہے ہیں ان پر مقدمات چلائے جائیں اور انہیں سزائیں دی جائیں تاکہ دیار غیر میں پاکستان کا نام ایک اسلامی فلاحی مملکت کے طور پر لیا جا سکے انہوں نے بیرون ملک پاکستانیوں کی طرف سے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی صاحبزادی محترمہ بے نظیر بھٹو کو وزارت اعظمیٰ سنبھالنے پر دلی مبارک باد پیش کی۔

UNIFORMS
& Uniform Articals

ARTICALS:- ALL Sorts Caps, Halmets, Badges, Masks, Scarfs, Vastes, Shirts, Trousers, Jerseys, Gloves, Jackets, Landyards, Whistals, Belts, Bandoliers, Safe Guards, Track Suits, Krate Suits, Overalls, Underwears, Shorts, Crep Bandages, Ancklets, Shoes, Boots, Waterbottle, Bukram, Mosqueitonets/Kit Bags & Boxes, Blanckets, Durries, Buttons, Contect

G.M. QADRI & SONS

Manufacturers Exporters, Importers Contrectors and Suppliers
HEAD OFFICE Qadri House Street Masjid Haidri Mandiala Road
KAMOKE 52470 Pakistan
Ph. [illegible] Fax [illegible]

یو اے ای میں مقیم پاکستانی کمیونٹی بنام خواجہ تنویر

کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا کیا

یو اے ای کی پاکستانی کیمونٹی بنام خواجہ تنویر

کہتی ہے تجھ کو خلق خدا غائبانہ کیا کیا

پاکستان کے عوام قومی وقار کے معاملے میں خاصے حساس واقع ہوئے ہیں بیرونی ممالک میں اگر کچھ لوگ اپنے مزموم اور افعال قبیحہ سے قوم اور ملک کیلئے بدنامی کا باعث بنتے ہیں تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ پوری پاکستانی قوم غیرذمہ دار ہے۔ ممالک غیر میں قوم اور ملک کیلئے بدنامی کا باعث بننے والے افراد قوم کی نظر میں اس لئے نہیں آ سکتے کہ اورسیزپاکستانی قومی پریس سے رابطہ نہیں کر سکتے۔ اور ممالک غیر میں مقیم قومی اخبارات کے نمایندے بھی اپنے کاروبارجات میں اتنے منہمک رہتے ہیں کہ وہ برائیوں کی طرف دیکھنے کی زحمت گوارا نہیں کرتے۔ غالباً" انہیں یہ احساس ہوتا ہے کہ اگر ممالک غیر میں کسی ایسے گندے اور گھٹیا شخص کے بارے میں رپورٹنگ کی جائے تو ملک کی بدنامی کا باعث بنے گی لیکن بہر حال ایسے عناصر جو ممالک غیر میں پوری پاکستانی کیمونٹی کیلئے باعث ذلت بن جائیں ان کو اتنی کھلی چھٹی بھی نہیں ملنی چاہئے کہ وہ قومی کردار کو ممالک غیر میں بیٹھ کر داغدار کرتے پھریں۔

یو اے ای میں پاکستانی کیمونٹی کے سرکردہ افراد' عام کارکن اور ذمہ دار قسم کے پاکستانیوں نے جہاں پر ہمیں اپنے دیگر مسائل بتائے وہاں پر ہمیں ایک ایسے شخص کے بارے میں بھی آگاہ کیا جو مبینہ طور پر عجیب و [illegible] شے> ہے۔

مبینہ کا لفظ میں نے اس لئے استعمال کیا ہے کہ دبئی میں مقیم چکوال کے خواجہ تنویر صاحب کے بارے میں جو باتیں یوتھ کے صفحات کی زینت بن رہی ہیں وہ ہماری نہیں۔ دوبئی میں مقیم پاکستانیوں کی ہیں۔

ان پر ایک اور الزام ہے کہ ان کے دھڑے کے لوگ پاکستان سے آئیں تو ان کیلئے مبینہ طور پر خواجہ صاحب موصوف بزنس کونسل کے فنڈز ان پاکستانی سیاستدانوں اور موثر افراد پر کھلے عام خرچ کر دیتے ہیں جن سے انہیں مفاد ملتا ہو۔ مبینہ طور پر قونصلیٹ آفس کے بعض اہل کاروں سے ان کی گاڑھی دوستی ہے اور کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔

موصوف کی <شخصیت> کے بارے میں سن کر ہم نے ان سے رابطہ کیا تاکہ سچ اور جھوٹ کو پرکھا جا سکے کیونکہ بڑھا بھی دیتے ہیں کچھ زیب داستان کیلئے

راقم الحروف نے ٹیلیفون کیا تو مجھ سے موصوف نے پہلا سوال یہ کیا کہ آپ پاکستان میں کس سیاسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جب میں نے ان پر واضح کیا کہ صحافی کسی پارٹی میں نہیں ہوتے تو موصوف نے پھر سوال داغدیا کہ کس سیاسی جماعت کی حمایت میں لکھتے ہو؟۔ میں خواجہ صاحب کے انداز تکلم پر حیران ہوئے بغیر نہ رہ سکا کہ یہ کیسا چیرمین بزنس کونسل ہے جو بزنس کے نام پر سیاسی دوکانداری چمکائے ہوئے ہے۔ حالانکہ خلیجی ریاستوں کے پر امن سماجی ماحول اس قسم کی سیاست کاری کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا میں یہ سوچے بغیر نہ رہ سکا کہ کیسے کیسے لوگ ہیں جو ممالک غیر میں بیٹھ کر پاکستان بزنس کونسل کے نام عالمی ٹریڈ کلیوں میں پاکستان کو ناقابل نقصان پہنچانے کا موجب بن رہے ہیں۔

پاکستان بزنس کونسل کو قومی مفادات کے تابع بنانا ضروری ہے۔ اس کو صرف ایک مشکوک کردار اور غیرذم شخص کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا قومی گناہ ہے پاکستانی کیمونٹی کے دوستوں کا خیال ہے کہ پاکستان قونصلیٹ جنرل دوبئی کے کمرشل اتاشی جناب عابد جاوید اکبر چونکہ ایک محنتی اور دیانت دار افسر ہیں اس لئے ان کو قومی نقطہ نظر سے اس بزنس کونسل کے معاملات میں دخل کرنے کی بہت ضرورت ہے ان کی سرکردگی میں پاکستانی پروڈاکٹس کے فروغ کیلئے مختلف شعبوں کی کیٹیاں بنی چاہئیں ان مصنوعات سے مراد ٹیکسٹائل' انڈسٹری' لیدر' انجینئرنگ اور مشینری کے آلات فوڈ اور فروٹ

پروڈاکٹس وغیرہ غرض یہ کہ قومی صنعتی اور تجارتی زندگی کے مختلف شعبوں کی موثر نمائندگی باصلاحیت تجربہ کار ذمہ دار اور پاکستان کمیونٹی دوست افراد کو ملنی چاہئے۔ کمرشل اتاشی مسٹر عابد جاوید اکبر چونکہ ایک ذہین اور محب وطن منجھے ہوئے سفارت کار ہیں اس لئے ان کو کوشش کر کے ایکسپورٹ پروموشن بیورو کے تعاون سے دوبئی میں پاکستان ٹریڈ سنٹر قائم کروانا چاہئے یقیناً" اس سے پاکستان کے ٹریڈ حق میں بہتر نتائج نکلیں گے۔

قوم پرستانہ صحافت کا تقاضا ہے کہ قوم پرست عوام کا نقطہ نظر جرات سے قوم ملک اور حکومت کے سامنے رکھے تو آیئے قارئین آپ کو خواجہ تنویر صاحب سے ملایا جائے۔

آپ بزنس کونسل دبئی کے بالا شرکت غیرے چیرمین ہیں۔ آپ چکوال سے تعلق رکھتے ہیں گارڈن کالج راولپنڈی میں زیر تعلیم تھے کہ گھیراؤ جلاؤ زندہ باد مردہ باد اور ہنگامہ بازانہ جلسے جلوسوں میں حصہ لینے کے عادی تھے ان کے بقول وہ تخریبی سیاست کے امام تھے۔ تعلیم سے فارغ ہوئے تو موصوف پی آئی اے میں ملازم ہو گئے اور پھر وہ انقلابی تنظیم <پیاسی> کے رکن بھی بن گئے۔ ان کی مبینہ شرپسندانہ سرگرمیوں کے نتیجے میں ان پر دوران ملازمت مقدمات قائم ہوئے لیکن موصوف نہ جانے کس خفیہ اور پراسرار ہاتھ کی بدولت مبینہ طور پر جیل سے فرار ہو کر دوبئی پہنچ گئے۔

پاکستانی کمیونٹی دوبئی کے ایک غالب اور موثر گروہ کے مطابق قانون کا یہ ملزم کاغذات میں مفرور اور اشتہاری ہے لیکن وہ ہر قسم کے قومی اور بین الاقوامی قانون سے بالاتر ہے آج کل موصوف ٹریول ایجنٹ ہیں ایک ٹریول ایجنسی چلا رہے ہیں اور نہ جانے دوبئی میں کن پراسرار ہاتھوں نے انھیں پاکستان بزنس کونسل کا چیرمین بنا رکھا ہے۔

دوبئی کے پاکستانی حلقوں کے مطابق موصوف کا سیاسی عقیدہ اور وابستگی کس سے ہے یہ سمجھ سے بالا تر ہے کیونکہ وہ وزیراعظم پاکستان محترمہ بے نظیر بھٹو کا زبردست مخالف ہے۔ پی پی پی کو ملحد سیاسی جماعت سمجھتا ہے اور مسلم لیگیوں کو پتہ نہیں کیا کچھ کہتا ہے؟۔

پاکستان کے محب وطن افراد اپنی ذاتی سیاسی وابستگیوں کے باوجود غیر ممالک میں اپنے حکمرانوں کا احترام کرتے ہیں لیکن موصوف خواجہ تنویر صاحب نے اس معاملے میں دھڑہ بندی قائم کر رکھی ہے ان کا اور ان کے متاثرین کا کام آج کل وزیراعظم پاکستان بے نظیر بھٹو کو گالیاں دینا ہے۔

روحانی مسائل

- جعلی عاملوں، دست شناسوں اور نجومیوں سے دور رہیں
- اپنے مسئلوں، پریشانیوں اور الجھنوں کا حل برصغیر کے مشہور روحانی معالج المعروف روحانی بابا سے علم جعفر اور قرآن و سنت کی روشنی میں دریافت کریں،
- شادی اور محبت کے معاملہ میں لڑکے لڑکی اور ان کی ماں کا نام بھیجنا ضروری ہے۔
- ایک کوپن اور فیس میں دو سوالات کیے جا سکتے ہیں
- تفصیلی جواب کے لیے جوابی لفافہ ارسال کیا جائے

کوپن روحانی مسائل

نام ________ تاریخ پیدائش ________ وقت ________ والدہ کا نام ________

مسئلہ ________

مکمل پتہ ________

نوٹ: ہر کوپن کے ساتھ مبلغ -/15 روپے بذریعہ پوسٹل آرڈر ارسال کرنا ضروری ہے مسئلہ بڑا ہونے کی صورت میں زائد صفحہ استعمال کریں۔ (ادارہ یوتھ انٹرنیشنل)

دوبئی میں ٹیکسٹائل کی دنیا میں پاکستانی مصنوعات کا تاجر حاجی ابوبکر قاسم

حاجی ابو بکر قاسم کپڑے کے مشہور پاکستانی تاجر ہیں محب وطن سادہ طبیعت کے انسان ہیں۔ آپ نے یہاں پاکستانی کپڑے کو متعارف کروانے میں ملک و قوم کی بے انتہا خدمت سرانجام دی ہے آپ عرصہ تیس سال سے مقیم ہیں۔ آپ نے کپڑے کا کاروبار سترہ برس کی عمر میں 1946ء میں شروع کیا۔ 1963ء تک پاکستان میں رہے اس کے بعد آپ 1964ء میں دوبئی آگئے۔ انہوں نے بتایا جب وہ دوبئی آئے اس وقت دوبئی میں تقریباً بیس عمارتیں تھیں جس کی شکل ایک گاؤں جیسی تھی اور اس مارکیٹ پر بھی ہندوستان کی

معروف تاجر حاجی ابوبکر قاسم یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے

اجارہ داری تھی۔ حاجی صاحب کو پاکستانی اشیاء متعارف کروانے میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مگر آپ نے خندہ پیشانی سے کام لیا۔ یہاں تک کہ لوگوں کو ادھار مال دے کر اسے مارکیٹ میں متعارف کروایا۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ پاکستانی تاجر آرام طلب ہیں انہوں نے کہا کہ بزنس کونسل کوئی نمائندہ ادارہ نہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ سوائے چند لوگوں کی ذاتی شہرت کے علاوہ کوئی قابل قدر کام نہیں کر سکی اس وقت یہ صرف دعوتیں کھانے اور کھلانے تک محدود ہے۔ جبکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ پاکستانی کمیونٹی کے تجربہ کار تاجروں پر مشتمل بااختیار کمیٹیاں بنائی جائیں جو دوبئی کی مارکیٹ میں پاکستانی پراڈکس کو متعارف کرانے کیلئے جدید تقاضوں کے مطابق کام کریں یہ کام پاکستان ایکسپورٹ پروموشن بیورو کی سرپرستی اور بھرپور تعاون سے ہی ہوسکتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں حاجی صاحب نے کمرشل اتاشی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کمرشل اتاشی پاکستانی بزنس کو پروموٹ کرنے کیلئے شب و روز کوشاں ہیں اسلئے پاکستانی کمیونٹی تاجر برادری کے دوبئی میں انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

انتھک محنتی جواں ہمت پاکستانی سماجی، فلاحی شخصیت

چوہدری محمد یوسف سے ملاقات

قابلیت، محنت، شفقت اور ہمدردی کا منہ بولتا ثبوت دیکھنا ہو تو چوہدری محمد یوسف کو دیکھ لیجئے گا۔ دیار غیر میں پاکستانی پرچم کو بلند رکھنے والا مشکل ترین حالات میں بھی اپنے حوصلوں کو بلند رکھنے والا یہ سلف منڈ پاکستانی خداد صلاحیتوں کا مالک ہے آپ 1964ء کو بذریعہ بندر عباس دوبئی آئے۔

بے شمار تکالیف اور مصائب بھی آپ کے حوصلے بلند رکھنے میں رکاوٹ نہ بن سکے آپ نے محنت اور مشقت کے امتزاج سے اپنی ترقی کی راہ متعین کی اور آج جس عزت احترام کی بلندی پر نظر آتے ہیں اس میں ان کی ذاتی کاوشوں کا اور باری تعالیٰ کی رحمت کا بہت بڑا حصہ ہے۔

آپ اپنی ایک تعمیراتی فرم (یوسف امان اینڈ کمپنی) کے نام سے چلا رہے ہیں۔ متعدد ممالک کے مطالعاتی دورے کر چکے ہیں۔ آپ دوبئی میں قابل فخر پاکستانیوں میں شمار ہوتے ہیں۔ ذاتی طور پر انتہائی ملنسار خوش اخلاق مہمان نواز دوستوں کی قدر کرنے والے انسان ہیں۔ آپ پاکستان ایسوسی ایشن اور بزنس کونسل کے ممبر ہیں انہوں نے صرف چندہ کے طور پر پاکستانیوں کی بھلائی ملٹری ہسپتال راولپنڈی کیلئے چالیس لاکھ روپے اور اس کے علاوہ ضروری سامان دیا۔ آپ کی تعمیراتی فرم کا پرائیویٹ سیکٹر میں ایک بہت بڑا نام ہے۔ چوہدری صاحب نے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ عربی لوگ انتہائی مہمان نواز باصلاحیت لوگوں کی قدر کرنے والے ہیں۔ 1976ء میں جب دوبئی میں آئے اس وقت صرف چند بلڈنگز تھیں۔ شیخ راشد کے ہونہار بیٹوں شیخ مکتوم بن راشد، شیخ ہمدان بن راشد، شیخ محمد بن راشد، شیخ احمد بن سعید کی کوششوں سے دوبئی دنیا کا اہم ترین ٹریڈ سنٹر بن گیا ہے۔ یہاں پردیسی خصوصاً پاکستانی بہت خوش ہیں کسی قسم کا کوئی تعصب خوف حراس نہیں ماحول مراتب ہے۔ پچھلے چند سالوں میں تعمیراتی کاموں میں بہت زیادہ خرچ کیا جارہا ہے۔ دنیا بھر کے لوگ جوق در جوق یو اے ای میں آرہے ہیں یہاں قانون کا احترام اور اس پر پابندی کو بنیادی حیثیت دی جاتی ہے پردیسی ہو یا دیسی قانون سب کیلئے برابر کا ہے یہاں رشوت و سفارش نام کی کوئی چیز نہیں ہر شخص کے دل میں قانون کا احترام ہے۔

دبئی میں ہوٹلنگ کے شعبے میں پاکستان کی پہچان، قومی جذبہ حب الوطنی کے سرشار

راوی ریسٹورنٹ کے پروپرائٹر چوہدری عبدالحمید

پاکستان ایسوسی ایشن دوبئی کے خوبصورت حال میں میوزیکل تقریب میں شریک خواتین

میوزیکل تقریب میں شریک اہم شخصیات، امجد مجید عباسی، حاجی محمد اقبال، حاجی غلام نبی، چوہدری عبدالحمید

چوہدری عبدالحمید قومی خدمت کا جذبہ رکھنے والے دوبئی میں معروف پاکستانی ہیں پاکستانی ثقافت کے فروغ اور پاکستانی کیمیونٹی کی اجتماعی فلاح و بہبود کیلئے آپ کی بے مثال قابل تحسین خدمات ہیں جذبہ حب الوطنی اس قدر ہے کہ کبھی کوئی پاکستانی ثقافتی طائفہ آئے تو چوہدری صاحب ان کی خدمت کرنے کی صف میں سب سے آگے نظر آتے ہیں چوہدری عبدالحمید راوی ریسٹورنٹ کے نام سے ریسٹورنٹ خوش اسلوبی سے چلا رہے ہیں۔ یہ ریسٹورنٹ پاکستانی کھانوں میں اپنی مثال آپ ہے جو پاکستانی دوبئی آتا ہے راوی ریسٹورنٹ کے خوش ذائقہ کھانوں سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ چوہدری عبدالحمید ایک اچھے پرخلوص سچے محب وطن ملنسار پاکستانی ہیں دوبئی میں پاکستانی کیمیونٹی کے کاموں میں ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں کوئی خدمت کا موقع ہاتھ سے نکلنے ہی نہیں دیتے پاکستان سے آئے ہوئے فنکاروں کی نہ صرف میزبانی کرتے بلکہ انہیں دوبئی کے لوگوں سے متعارف کروانے کا سہرا بھی ان ہی کے سر ہوتا ہے۔ انہوں نے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی حکومت کو چاہیے کہ وہ دوبئی میں پاکستانی اشیاء کی تجارت پر خصوصی توجہ دے تاکہ تجارتی میدان میں قابل قدر ترقی ہو سکے اس شعبہ میں کمپنیاں بنائی جائیں۔ اسطرح مشینری ٹیکسائل اور چاول اور دوسری اشیاء کے لئے مختلف کمیٹیاں بنائی جائیں جس کا انچارج کمرشل اتاشی کو بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کی تجاویز پر عمل کیا گیا تو وہ دن دور نہیں جب پاکستان یہاں اپنی ایک اچھی مارکیٹ پیدا کرے گا۔

چوہدری عبدالمجید نے پاکستان کے کمرشل اتاشی عابد جاوید اکبر کی تعریف کی جو کیمونٹی کیلئے مثالی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

آغا اشرف عباسی
انچارج یو۔اے۔ای پاکستان
اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن۔

انچارج یو اے ای دوبئی اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن آف پاکستان =

محنت کاوشیں لگن اور مسلسل جدوجہد کو اکٹھا کر لیا جائے تو آغا اشرف عباس کا نام زبان پر آ جاتا ہے۔ آپ 1972ء سے اسٹیٹ لائف سے منسلک ہیں۔ حال ہی میں ادارہ نے آپ کی خدمات کو سراہتے ہوئے انچارج یو اے ای آپریشن بنایا گیا ہے آپ نے انتھک محنت جواں ہمتی اور اپنی پبلک ریلیشن کی بدولت 1992ء کے مقابلے میں اس سال کارپوریشن کے لئے 80 فیصد بزنس حاصل کیا۔ اس طرح انہوں نے سابقہ دس سالہ ریکارڈ توڑ دیا۔ پالیسی کے حصول میں 90 فیصد اضافہ ہوا۔ آغا اشرف عباس نے راقم الحروف سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ سٹیٹ لائف 1978ء میں دوبئی میں قائم کی گئی اس کارپوریشن کو اعزاز حاصل ہے۔ اس قومی انشورنس کو شاہی اجازت نامہ اعزاز کے ساتھ دیا گیا۔ جس کی وجہ سے پہلے دوبئی پھر ابوظہبی پھر العین میں اس کے جتنی بڑھانے گئے آغا صاحب نے بتایا

چونکہ اسٹیٹ لائف پورے یو اے ای میں کام کر رہی ہے جبکہ بحرین میں بھی نمائندہ آفس قائم ہے۔ جس کی وجہ سے پاکستانیوں کو خاص طور پر ایک بہت بڑا فائدہ یہ ہے کہ ان کی کرنسی بغیر کسی مشکل کے فورا تبدیل ہو

سکتی ہے۔ یہ پالیسی خاص طور پر بیرونی ممالک میں رہنے والے پاکستانیوں کے لئے بنائی گئی ہے تاکہ کسی بھی ملک میں فارن کرنسی کے بارے میں انہیں کسی قسم کی کوئی دشواری پیش نہ آئے خاص طور پر نگہبان پلان' شادباد پلان' 16 پر بیمہ بانڈ شامل ہیں۔ شادباد پلان میں اگر ایک لاکھ درہم کی پالیسی لینے کی صورت میں اگر خوانخواستہ کلیم ہو جائے تو اس کے کسی پسماندگان کو دو لاکھ کا کلیم دیا جائے گا اور حادثات کی صورت میں یہ رقم تین گنا ہو جائے گی بیمہ بانڈ کی پاکستانی کرنسی مدت ایک سال ہوتی ہے۔ چھ سال بعد اس میں 80 فیصد اضافہ کر دیتے ہیں۔ نگہبان پلان بہت ہی اہم اگر خوانخواستہ پالیسی کا کلیم ہو جائے تو پالیسی ہولڈر کے ورثہ کو ماہانہ انکم مستقل بنیادوں پر ملنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس لئے پاکستانیوں کی زیادہ اکثریت قومی ادارے کو بزنس دے رہی ہے۔

G.M. QADRI & SONS

Manufacturers, Exporters, Importers, Contrators, Suppliers Whole salors and Stackists of:

UNIFORMS

& Uniform accessories

For Armed Forces, Industries. ~~Hospitals,~~ ~~Hotels~~ and Other Uniformed Groups.

Products: All Tipes of Helmets Caps, Bedges, Marks, Scarfs, Vests, Shirts, Jerseys, Jackets, Coats, Pants, Overalls, Gloves, Sticks, Belts, Bandoliers, Track Suits, Jogging Suits, Krate Suits, Safe Gaueds, Underwears, Shorts, Ancklets, Crep Bandages, Socks, Leather Shoes, Canvas Shoes, Joggers, Weterbottles, Kit Bags & Boxes, Durries, Blankets, Mosquito Netts, Bukram, Buttons etc.

HEAD OFFICE: Qadri House St. Masjid Haidri Mandiala Road, KAMOKE 52470 Pak Ph: (0435)810678, 2244, Fax: (0435)2659

SHOWROOM: Allied Plaza Kachahri Road, Gujranwala Pakistan.

پاکستان کے نامور انجینئر، شاعر، ادیب، کمپیئر، صحافی

سید صغیر احمد جعفری

امارات میں مقیم پاکستانی شخصیت سید صغیر احمد جعفری اپنی خوبیوں اور صلاحیتوں کی بنا پر نہ صرف پاکستانی کیمونٹی بلکہ دیگر اقوام کے لوگوں میں بھی ایک اچھے پاکستانی کی حیثیت سے بے حد مقبول ہیں وہ ایک پاکستان کے نامور انجینئر' شاعر' ادیب' کمپیئر اور صحافی کی حیثیت سے کئی تقریبات کی میزبانی کر چکے ہیں۔

سید صغیر جعفری کی دیار غیر میں بھی اردو زبان کو بین الاقوامی زبان کی حیثیت دلانے کے لئے مثالی خدمات ہیں اس سلسلہ میں موصوف امریکہ' کینیڈا اور یورپ میں مقیم اپنے دوستوں اور رفقاء کے ذریعے اقوام متحدہ میں اردو زبان کو اہم مقام دلانے کے لئے کوشاں ہیں امارات میں بھی آپ پاکستان' انڈیا' سری لنکا' برما' فلپائن اور عرب شاعروں کو اردو میں مشاعروں میں دعوت پر بلاتے رہتے ہیں اردو کے بین الاقوامی مشاعرے منعقد کرانا آپ کی عادت ہے۔ سید صغیر احمد جعفری پاکستانی کیمونٹی کی فلاحی سماجی تقریبات

کو بڑے مخلصانہ انداز سے منعقد کراتے ہیں سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر آگے آگے رہتے ہیں ابو ظہبی میں پہلے پاکستانی ہیں جنھوں نے بنگلہ دیش میں سیلاب کے دوران پاکستانیوں کی جانب سے خطیر فنڈز اکٹھا کر کے وزیر اعظم بنگلہ دیش بیگم خالدہ ضیا کی خدمت میں پیش کیا۔

بطور انجینئر بھی آپ نے اپنے شعبے میں نام پیدا کیا ہے آپ کا شمار پاکستان کے مایہ ناز سینئر انجینئروں میں ہوتا ہے۔

سید صفیر احمد جعفری کو شعر و ادب اور صحافت سے بچپن سے شوق رہا ہے اپنے سکول کے میگزین کے ایڈیٹر رہے اسی زمانہ میں ملک کے ممتاز اخبارات میں آپ کے مضامین چھپتے رہے۔ آج کل آپ پاکستان انجینئرز کلب کے انگریزی ٹیکنیکل جرنل کے ایڈیٹوریل بورڈ میں ہیں ابو ظہبی ریڈیو کے اردو ہفتہ وار پروگرام باقاعدہ کرتے ہیں آپ پاکستان بزم ادب انٹرنیشنل کے بانی ہیں۔ پاکستان انجینئرز کلب کے سیکرٹری ہیں ان دنوں آپ ابو ظہبی کے بجلی اور پانی کے محکمہ میں بطور سینئر انجینئر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یوتھ انٹرنیشنل میگزین کیلئے بھی اپنی قلمی خدمات پیش کیے ہوئے ہیں۔

ٹی وی اداکارہ مہک علی ابو ظہبی میں ایوارڈ لیتے ہوئے ساتھ صفیر حسین جعفری، اظہار جونیجو کھڑے ہیں

ابو ظہبی میں پاکستان کمیونٹی کی خوبصورت میوزیکل تقریب کا منظر

مسٹر احمد البادی، مسٹر خالد البادی اور ممتاز پاکستانی انجینئر ہمایوں ملک کی گروپ تصویر

اوقاف ڈیپارٹمنٹ شارجہ کے ہیڈ شیخ جمال یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کرتے ہوئے

پاکستان کے ممتاز دانشور پریشان خٹک ابو ظہبی میں اپنے مداحوں کے ہمراہ

دوبئی میں مقیم قابل تعریف محب وطن پاکستانی صفیر حسین مرزا

مشہور پاکستانی ماہر خیرات حاجی ابراہیم دو بیٹوں کی دوبئی میں شادی خانہ آبادی موقعہ اپنی اہلیہ کے ہمراہ گروپ فوٹو اپنی اہلیہ کے ہمراہ دوبئی میں اپنی بچوں کی شادی کے موقعہ پر

یونائیٹڈ بنک دوبئی کے چیف معروف پاکستانی بینکار محمد علی خوجہ

صدیق القادری کے اعزاز میں دعوت کے موقع پر، میزبان ڈاکٹر اطہر علی زیدی، بیگم زیدی، ایس۔ ایم۔ اعظم،

محب وطن باصلاحیت پاکستانی کیپٹن سید ساجد صفیر حسین آف دوبئی

العین کی ہر دلعزیز، بے لوث، سماجی
کاروباری پاکستانی شخصیت

محمد ابراہیم حاجی

صدر محبان وطن تنظیم العین سے بات چیت

عرصہ قلیل تھا مگر ابوظہبی میں العین جانا بھی ضروری تھا۔ میرے ساتھ میرے دوست محمد اقبال جوائنٹ سکریٹری پاکستان مرکز ابوظہبی ساتھ تھے۔ مختصر وقت کے باجود بہت سے پاکستانیوں سے ملاقات کا موقعہ ملا۔ رمضان کا مہینہ تھا۔ افطاری بھی العین کے پاکستان بھائیوں کے ساتھ کی معروف پاکستانی شخصیت حاجی محمد ابراہیم جو کہ اپنے دل میں پاکستان کی محبت کو پوری طرح سے سموئے ہوئے ہیں۔ ان کا تعلق زندہ دلان پاکستان لاہور سے ہے آپ 1973ء سے یو اے ای میں مقیم ہیں۔ المونیم کے کاروبار سے وابستہ ہیں پاکستان مرکز کی تعمیر میں ان کا بے مثال رول ہے۔ آپ لگاتار پانچ سال تک پاکستانی کیمونٹی کے صدر منتخب ہوتے رہے ہیں اس وقت العین محبان وطن تنظیم پاکستانی کیمونٹی کی معروف مضبوط اور فعال تنظیم اور پاکستان سے آئے ہوئے تقریباً ہر علاقہ نمائندہ تنظیم ہے۔ کے پاکستانیوں کی نمائندہ تنظیم ہے۔ محمد ابراہیم حاجی صاحب عوامی تنظیم محبان وطن کے چیئرمین ہیں۔ جو العین میں پاکستانی انتہائی متحرک، بے لوث، صاف گو اور خدمت گار ہیں یہ قابل تعریف پاکستانی جو کہ کیمونٹی کے لئے دن رات کوشاں رہتے ہیں ان کے دست راس اور ہمارے دوست میر اویس خان آفریدی پاکستانیوں کی خدمت کرنے کو اپنے لئے فخر سمجھتے ہیں۔ محبان تنظیم کے صدر اور تنظیم کے روح رواں ہیں ان کا خیال ہے پاکستان میں ایسے باصلاحیت بزنس مینوں کو آگے لایا۔



حاجی محمد ابراہیم نے مزید بتایا کہ گلف جو متحدہ عرب امارات میں پاکستانی مصنوعات کو جدید منظم طریقے سے متعارف کرائیں۔ یونیٹلنی سنود چکی طرز پر یہاں پاکستانی مارکیٹیں کھولی جائیں جہاں معیاری پاکستانی اشیاء فروخت کی جائیں۔

قومی زبان اردو میں شائع کرنے سے پاکستانی مصنوعات کی کوالٹی بہتر ہو گی اس طرح ہم تجارت میں کوریا، تائیوان جاپان، ہانگ کانگ، سنگاپور، ملائشیا، چائنہ کا مقابلہ کر سکیں گے ایسے اقدامات سے پاکستان بہترین تجارتی منڈی ثابت ہو سکتی ہے۔ العین میں بسنے والے پاکستانی مصنوعات کی سب سے بڑی منڈی بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہاکہ پاکستان میں لوڈشیڈنگ کا گھمبیر مسئلہ ہے جس پر قابو پانا ضروری ہے پاکستان میں ٹیکنیکل ایجوکیشن کو عام کرنے کے لئے ملک گیر بنیادوں پر پلاننگ کی جائے۔ میٹرک تک تعلیم کو لازمی قرار دیا جائے ٹیکنالوجی کے جدید ترین فارمولوں کو

العین میں مقیم محب وطن شخصیات محمد ابراہیم حاجی اور مسٹر آفریدی اپنے رفقاء کے ہمراہ

پاکستان امارات
دوستی زندہ باد

پاکستان امارات
دوستی زندہ باد

پاکستان امارات
دوستی زندہ باد

پاکستان
ہی ہماری پہچان ہے

آیئے باوقار، قابل فخر، فرض شناس
پاکستانی بن کر اپنے مُلک و قوم کے قومی وقار کو بُلند کریں
یو اے ای میں مقیم پاکستانی اپنے مُلک کے غیر سرکاری سفیر ہیں

شیخ زاید کلچرل سنٹر ابوظہبی

پاک امارات دوستی کے فروغ میں
مثالی ادارہ ہے۔ مرکز پاکستان کے مذہبی، ثقافتی، تعلیمی ادبی
فلاحی، سماجی پروگراموں میں شرکت کرکے قومی پہچان کو نمایاں کیجیے۔

منجانب: **محمد صدیق چوہدری صدر**، عہدیداران اراکین شیخ زاید کلچرل سنٹر ابوظہبی

پاکستان امارات
دوستی زندہ باد

پاکستان امارات
دوستی زندہ باد

پاکستان امارات
دوستی زندہ باد

ہمیں پاکستانی ہونے پر فخر ہے

العین میں

مقیم پاکستانی مُلک و قوم کے قومی وقار کی
سربلندی ترقی و خوشحالی کیلئے زندگی کے ہر شعبے میں اپنی ذہنی
فنی اور تعلیمی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے متحدہ عرب امارات
میں شب و روز محنت میں مصروف ہیں!
پاکستان سنٹر العین پاک امارات دوستی کے فروغ میں مثالی پلیٹ فارم کی
حیثیت رکھتا ہے!

العین میں مقیم تمام پاکستانی اپنی قومی ثقافتی مذہبی فلاحی اور کھیلوں
کی سرگرمیوں کے لیے پاکستان سنٹر العین کے پلیٹ فارم کو بروئے کار لائیں:

منجانب: ڈاکٹر انیس احمد سلطان صدر و دیگر عہدیداران
پاکستان کلچرل، شوشل سنٹر العین یو اے ای

کسٹم یوتھ انٹرنیشنل فرینڈشپ کلب

یہ کالم بین الاقوامی سطح پر نوجوان نسل کا رابطہ بڑھانے کے لیے ہے یہ کلب قلمی دوستی، کاروبار، سیروسیاحت تعلیم، بیرون ممالک جانے کے لیے مؤثر رابطے کا باعث بنے گا۔ آپ ایک عدد تصویر بمعہ مختصر تعارف فری شائع کروا سکتے ہیں:

کوپن

نام ---------------- ولدیت ----------------

تعلیم ---------------- مشغلہ ----------------

مختصر تعارف ----------------------------------

مکمل پتہ ----------------------------------

نوٹ: اس کالم میں شامل ہونے کی کوئی فیس نہیں صرف کوپن آنا لازمی ہے۔

نام : مس ہما خانم
عمر : ۱۷سال
پتہ : معرفت جناب محمد عامر خان صاحب محلہ صادھو خیل شاہ جہانپور موانہ ضلع میرٹھ بھارت
مشاغل : اچھے اور نیک بھائی بہنوں سے دوستی کرنا' اچھے شعر جمع کرنا' شعر سننا اور سنانا اچھے کھانے بنانا وغیرہ

نام : جاوید احمد میر
عمر : ۱۹سال
پتہ : کمرہ نمبر ۵۵ گورنمنٹ میڈیکل کالج بوائز ہاسٹل بیمہ سری نگر ۱۹۰۰۱۰
مشاغل : قلمی دوستی کرنا' بڑوں کی عزت کرنا' فلمیں دیکھنا

نام : محمد طیب ساحر
عمر : ۱۲سال
پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۱۲۶۸۲ نیروبی' کینیا
مشاغل : قلمی دوستی کرنا' انڈین فلمیں دیکھنا اور مطالعہ کرنا

نام : وزیر احمد
عمر : ۱۸سال
مشغلہ : بیڈمنٹن کھیلنا' دوستوں کو خطوط کے جواب دینا' ہر کھیل شوق سے دیکھنا
پتہ : ۲۸/۱ڈی ملیر کالونی کراچی۔پاکستان

نام : ایاز احمد
عمر : ۲۴سال
مشغلہ : تفریح کرنا' میوزک سننا' دوستی کرنا
پتہ : ۲۶۸/۱شاہ فیصل کالونی کراچی

نام : جلیل احمد
عمر : ۲۰سال
مشغلہ : کرکٹ کھیلنا' کتابیں پڑھنا' میوزک سننا
پتہ : ۷ ۵۴/۱شاہ فیصل کالونی کراچی

نام : محمد اسلم جانو میمن
عمر : ۲۵سال
مشغلہ : مطالعہ کرنا' قلمی دوستی' چاہنے والوں سے محبت
پتہ : مکان نمبر ۲۷۳۵/ای پکا قلعہ گلی نمبر ۴ حیدر آباد سندھ

نام : سید افضال حیدر نقوی (عرف ضدی)
عمر : ۲۸سال
مشغلہ : قلمی دوستی کرنا' بڑوں کی عزت اور چھوٹوں سے پیار کرنا اور اچھے بہن بھائیوں کے خطوط کا جواب دینا۔
پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۱۴۵۹ الطائف سعودی عرب

نام : محمد اظہر الدین
عمر : ۲۲سال
مشغلہ : قلمی دوستی کرنا' ادبی کتابیں پڑھنا
پتہ : مکان نمبر ۳۵-۶-۴ محلہ کسان نگر محبوب نگر (اے پی) ۵۰۹۰۰۱

نام : ایم سرفراز نواز
عمر : ۲۰سال
مشغلہ : ادبی کتابیں پڑھنا' قلمی دوستی کرنا' خطوط کے جواب دینا' سیروسیاحت کرنا
پتہ : بسم اللہ لاج چھوٹی مسجد' جمال پور علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱۱

نام : جاوید رضا
عمر : ۲۸سال
مشغلہ : سیروسیاحت' مطالعہ میوزک' باغبانی
پتہ : پوسٹ بکس نمبر ۴۱/۱۱ العین متحدہ عرب امارات

نام : ارشاد رشید
عمر : ۲۰سال
مشغلہ : سیروسیاحت' مطالعہ' میوزک' باغبانی
پتہ : اے کیو رشید مکان نمبر ۷-۸-۶ عالم گیر سلطان آباد کریم نگر (بھارت)

پاک امارات دوستی زندہ باد

ہم پاکستان امارات دوستی کے بانی
عالی مرتبت
شیخ زاید بن سلطان النہیان
حاکم ابوظہبی صدر متحدہ عرب امارات کی پاکستان دوستی پر خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں



AL - SIDDIQUE TRADING

MANAGING DIRECTOR
POST BOX NO: 46102 ABU DAHBI-U.A.E.
TEL. OFF: 323646-TELE FAX: 311790-
CAR: 050-417208

MOHAMMAD SIDDIQUE CH.
PRESIDENT
SHAIKH ZAYED PAKISTAN
CULTUREL CENTER ABUDAHBI

مرکز پاکستان ابو ظبی میں ممتاز پاکستانی سفار تکار چوہدری محمد نواز خطاب کر رہے ہیں ساتھ اسٹیج پر اظہار حیدر بیٹھے ہوئے ہیں

پاکستانی شخصیت اظہار حیدر کو کمیونٹی کے لئے بے مثال خدمات کے اعتراف میں شارجہ میں شیلڈ دی گئی ساتھ ایم سعید میاں بھی کھڑے ہیں

قونصلیٹ جنرل دبئی (سابق) آفتاب حسین سعید ایم سعید میاں کا استقبال کرتے ہوئے

لیبر ویلفیئر اتاشی دوبئی الطاف چشتی سپیکر قومی اسمبلی کو قونصلیٹ خانہ کی بالتفصیل حالات سے آگاہ کر رہے ہیں

قائمقام قونصلیر کی اہلیہ شارجہ میں مینا بازار کا افتتاح کرتے ہوئے

زیڈ یو صابری

دوبئی میں ایک ایسی پرکشش درویش منش قابل تحسین پاکستانی شخصیت زیڈ یو صابری کے نام سے آباد ہے جو دیار غیر میں بھی پاکستانیوں کی میزبانی کو اپنے لیے اعزاز سمجھتی ہے جن کی شخصیت میں محنت لگن 'ایمانداری' دیانتداری اور ذمہ دارانہ جزبہ کو دیکھ کر رشک آتا ہے جن نے انتھک محنت بے پناہ قابلیتوں 'صلاحیتوں کی بدولت گلف میں اپنے آپ کو منوایا ہے پاکستان کی ساکھ میں بے حد اضافہ کیا ہے۔

اس قابل تحسین پاکستانی پر نہ صرف پاکستان کو فخر ہے بلکہ عرب برادر بھی قابل فخر نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

دوبئی میں قیام کے دوران راقم الحروف (صدیق القادری) کی ملاقات اس قابل فخر مرد مجاہد پاکستانی زیڈ یو صابری سے ہوئی دوران گفتگو راقم نے محسوس کیا کہ ان کی ہمہ گیر شخصیت میں پاکستان کیساتھ والہانہ پر خلوص جذبات اور بے پناہ وفا کی خوشبو جھلکتی ہے۔

ان کی آنکھوں میں پاکستان کیلئے لازوال محبت چمکتی ہے اس خاندانی پاکستان پرست شخصیت کے خیالات اور جذبات کو دیکھ کر سر فخر سے بلند ہوتا ہے خوشگوار حیرت یہ ہے کہ دیار گیر میں رہ کر بھی ان کی زندگی ملک و قوم کی خیر خواہی کیلئے وقف ہے ان کا دل صرف اور صرف پاکستان کیلئے دھڑکتا ہے ان کے خیالات لسانی 'علاقائی' مذہبی تعصبات سے بالاتر صرف اور صرف پاکستانی کی حیثیت سے ہیں

بین الاقوامی امور میں وسیع المطالعہ شخصیت کیساتھ گفتگو میرے لیے بہت بڑا اعزاز تھی اس قابل احترام' قابل فخر اور قابل رشک پاکستانی پر ملک و قوم کو ناز ہے حکومت پاکستان کو ایسی محب وطن بے لوث شخصیات کی خدمات سے استفادہ حاصل کرنا چاہیئے جو کسی لالچ اور مقصد کے بغیر ملک و قوم کو دنیا میں چمکتے ہوئے سورج کی مانند دیکھنا چاہتی ہے

زیڈ۔ یو۔ صابری کی ڈنر دعوت کے موقعہ پر شریک مہمانوں کی صدیق القادری کے ہمراہ گروپ تصویر۔

ممتاز پاکستانی بینکار عارف لاکھانی

عارف لاکھانی انتہائی متحرک زندہ دل شخصیت کے مالک ہیں ملک و قوم کی عزت کو بلند کرنے میں ہمہ تن معروف رہتے ہیں آپ کا شمار پاکستان کے ممتاز بینکاروں میں ہوتا ہے۔ آپ نے اس شعبے میں پاکستان کے نام کو روشن کرنے میں قابل تحسین حد تک کام کیا ہے۔ پاکستانی کیمونٹی میں آپ کی پر ہمت ہمدرد شخصیت کو بڑی عزت و محبت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے آئے دن دوبئی میں خوبصورت تقریبات کا انعقاد کرتے رہتے ہیں ان تقریبات کی بدولت پاکستان کیمونٹی کے آپس میں گہرے روابط ہوتے ہیں اتحاد و قومی یکجہتی کے جذبات فروغ پاتے ہیں اور پاکستانیوں میں زرمبادلہ اپنے قومی بنک کے ذریعے منتقل کرنے کی تحریک پروان چڑھتی ہے۔ اس مقصد کیلئے بحیثیت بینکار آپ پاکستانیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچا رہے ہیں تاکہ پاکستانی اپنا سرمایہ قومی بنک کے ذریعے منتقل کریں ملکی زرمبادلہ میں اضافہ کر کے ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا حصہ ڈالیں

دوبئی میں قیام کے دوران راقم الحروف (صدیق القادری) کی ملاقات جناب عارف لاکھانی کیساتھ ہوئی تو آپ نے بتایا کہ ان کا بنک قومی زرمبادلہ کے حصول کی جدوجہد میں ایک نمبر پر ہے پاکستانی اپنا زیادہ سے زیادہ زرمبادلہ حبیب بنک کے ذریعے بھجواتے ہیں

بینکاری کے شعبہ کا حوالہ دیتے ہوئے جناب عارف لاکھانی نے بتایا پاکستانی بینکاروں کو یو اے ای میں بڑی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے امارات میں پاکستانی بینکاروں کی صلاحیتوں کا کھلے عام اعتراف کیا جاتا ہے۔

پاکستان میں زیادہ سے زیادہ ترغیبات دے کر پرکشش سہولتیں دی جائیں تاکہ پاکستان میں زیادہ سرمایہ کاری ہو سکے.....

یہاں کے عرب برادرز بہت نفیس اور مہمان نواز ہیں ایماندار دیانت دار بینکاروں کی بہت قدر کرتے ہیں بینکاروں کے شعبے میں پاک امارات تعلقات اپنی مثال آپ ہیں ضرورت اس امر کی ہے امارات کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں زیادہ سے زیادہ ترغیبات دے کر پرکشش سہولتیں دی جائیں تاکہ پاکستان میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری ہو سکے۔

ناصر سلیم نمائندہ امریکن ایکسپریس برائے پاکستانی کیمیونٹی متحدہ عرب امارات

ناصر سلیم بلا تکلف دوسرے کو اپنی طرف فوراً ہی متوجہ کر لینے والا باصلاحیت نوجوان ہے آپ بنکار ہیں امریکن ایکسپریس متحدہ عرب امارات کے نمائندہ ہیں ناصر سلیم پاکستانیوں کے لئے اعلیٰ بنکاری کی ویلفیئر سہولتیں دہلیز پر مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ یو اے ای میں ایک آفس العزیز سنٹر میں ہے جہاں سے ابوظہبی' شارجہ' فیجرہ' العین' راس الخیمہ' ام القوائن اور دوسرے علاقوں میں رہنے والے پاکستانیوں کو معلومات پہنچائی جاتی اور اکاؤنٹ کھلوانے میں آسانیاں پیدا کی گئیں۔ یہاں سے امریکن ایکسپریس میں اکاؤنٹ کھولنا ایسا ہی ہوگا جیسے کہ سٹیٹ بنک آف پاکستان میں کھولا گیا ہو۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے کسی نے کراچی' لاہور' فیصل آباد یا اسلام آباد کی کسی برانچ میں سیونگ یا کرنٹ اکاؤنٹ کھلوایا ہو۔ یہاں سے اپنے پیسے کو کسی جگہ بھی بھیجا جا سکتا ہے امریکن ایکسپریس کا ادارہ پاکستانیوں کو دوسری جگہوں پر بھی یہ سہولت فراہم کر رہا ہے۔ تاکہ پاکستانیوں کو غیر ممالک میں بھی یہ سہولت ہے اپنے پاکستان کے کسی بھی علاقہ میں آئیں' پاکستانی اپنے اکاؤنٹ سے پیسے نکلوا سکیں ناصر سلیم نے بتایا۔ اس سکیم سے یو اے ای میں مقیم پاکستانیوں نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ پاکستانیوں کے علاوہ بیشتر غیر ملکیوں نے اکاؤنٹ کھولنے شروع کر دیئے ہیں یہ مکمل کمپیوٹرائز سسٹم بنک ہے جس کا سٹینڈرڈ انٹرنیشنل معیار کے عین مطابق ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈرز کو یو اے ای میں رہتے ہوئے بھی تمام معلومات جو کہ بنک سے متعلق ہوتی ہے انہیں جب چاہیں فراہم کی جاتی ہے۔

ناصر سلیم صاحب نے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد اس سہولت سے استفادہ حاصل کر رہی ہے اس سکیم کی ایک خاص خوبی یہ بھی ہے کہ غیر ملکی بھی یہاں ہوتے ہوئے پاکستان میں اکاؤنٹ کھول کر اس کے ذریعہ اپنا کاروبار چلا سکتے ہیں۔

عالی مرتبت شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی ممبر سپریم کونسل حاکم شارجہ

فرش فروٹ مرچنٹ ڈیلرز کے ترجمان چوہدری محمد الطاف



